اکتوبر 2014، قیمت ₹ 10

ماہنامہ بچوں کی دنیا دہلی

BACHON KI DUNIYA Monthly, October 2014, Vol. 02, Issue: 10
National Council for Promotion of Urdu Language
Department of Higher Education, Ministry of Human Resource Development, Government of India

RNI NO. DELURD/2013/50375
DL (S) - 01/3439-2013-15
Date of Publication : 15/09/14
Date of Dispatch : 18 and 19 of Advance Month

بچوں کے لیے قومی اردو کونسل کی چند دل چسپ کتابیں

اقبال کی کہانی
مصنف: نجمہ ناصر آزاد
صفحات: 63
قیمت: -/10 روپے

بے زبان ساتھی
مصنف: وکیل نجیب
صفحات: 64
قیمت: -/13 روپے

ایک تالی اور گھنٹا کا قصہ
مصنف: اطہر وارثی
صفحات: 148
قیمت: -/20 روپے

دلچسپ کہانیاں
مصنف: رام آسرا باز
صفحات: 188
قیمت: -/22 روپے

چار دوستوں کا قصہ
مرتب: نور الحسن نقوی
صفحات: 96
قیمت: -/16 روپے

دادے جان باز
مصنف: پریم پال اشک
صفحات: 168
قیمت: -/24 روپے

بچوں کے حالی
مرتب: سالم عابد حسین
صفحات: 63
قیمت: -/14 روپے

نمرود کے ان دیکھے روپ
مصنف: پی ڈی نظرن
مترجم: نور الحسن نقوی
صفحات: 218
قیمت: -/28 روپے

رابنسن کروسو
مصنف: ڈینیل ڈیفو، تلخیص: ایم ایم
صفحات: 62
قیمت: -/13 روپے

نور جہاں
مصنف: اکرم آرکوٹی
صفحات: 48
قیمت: -/14 روپے

ملایا کے نظارے
مصنف: شیام سکوبشی
مترجم: کمال احمد صدیقی
صفحات: 96
قیمت: -/16 روپے

قصہ شیر کا شکاری کی زبانی
مصنف: اسرار احمد خاں بڑوانی
صفحات: 212
قیمت: -/31 روپے

گاندھی اپنا کا سپاہی
مصنف: بی ڈی نظرن
مترجم: عرفان حسن قدوائی
صفحات: 144
قیمت: -/21 روپے

مشینی گھوڑا
مصنف: اطہر وارثی
صفحات: 143
قیمت: -/12 روپے

یورپی دیسوں کی کہانیاں
مصنف: کاتھیرین
مترجم: عائشہ صدیقی
صفحات: 241
قیمت: -/38 روپے

بچوں کا باغ
مصنف: ظفر کمالی
صفحات: 84
قیمت: -/24 روپے

گیت گاتے رہو
مصنف: شبنم کمالی
صفحات: 85
قیمت: -/14 روپے

پرندوں کی کہانیاں
مرتب: ظفر شبلی
صفحات: 87
قیمت: -/15 روپے

شعبۂ فروخت: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ویسٹ بلاک 8، ونگ 7، آر کے پورم، نئی دہلی-110066
فون: 011-26109746 فیکس: 011-26108159 E-mail:ncpulsalesunit@gmail.com, sales@ncpul.in

Printed and Published by Dr. Khwaja Md. Ekramuddin, Director, NCPUL on behalf of NCPUL, FARODH-E-URDU-BHAWAN, FC-33/9, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025, and printed at S. Narayan & Sons, B-65, Okhla Ind. Area Phase-II, New Delhi-110020 on 80 GSM Art Paper produced by JK Editor : Dr. Khwaja Md. Ekramuddin, Tel : 46539000

ماہنامہ
بچوں کی دنیا

جلد: 2 شمارہ: 10 اکتوبر 2014

صدیر کا خط	آپس کی باتیں	مدیر	2
نظم	جادو کی دوا	قیصر	3
کلاسیکی جینتی	لعل گاندھی (کہانی)	اسلم جمشید پوری	4
دل چسپ خبریں	دنیا ایک عجائب خانہ	ادارہ	9
عید الاضحیٰ	قربانی (مضمون)	زیب النساحیا	13
	عید کا دن (نظم)	توحید الحق	15

یادیں	عیدی	رونق جمال	16
کہانی	پیار کی اجرت	ابرار احمد اعظمی	18
	گلشن والے چاچا	رحیم رضا	20
لوک کہانی	جھوٹ کا سچ	تحریر اختر رومانی	22
غیر ملکی کہانی	جاپانی سنگ تراش، قاری سے ترجمہ اشفاق انجم		24
عقل کی کہانیاں	خیالی رام کے دو قصے	ریحانہ خاتون	26
نظم	ڈیڈی جی اک ڈبہ لائے	محمد کاشف غلام ربانی	28
منسانے والا مضمون	نصیر الدین تجھ کی باتیں	مشتاق اعظمی	29
پیروڈی	ایک طالب علم کی دعا	اسد رضا	32
معلومات	چیونٹیاں ہی چیونٹیاں	راحت رول	33
نظم	پھر کا فسانہ	کلثوم کنگی	36
کھیل کھلاڑی	ہاکی کے جادوگر دھیان چند	راشد جمال فاروقی	38
نظم	آؤ اب ہم کرکٹ کھیلیں	نور دیکر	41
	سورج چاند ستارے	محمد اسد اللہ	42
کلاسکس	بھولے بھالوں کی حماقتیں	ادارہ	43
اردو ایس ایم ایس	پیارے پیارے کی حکایتیں	ادارہ	50
قسط وار	فسانۂ عجائب 7	رجب علی بیگ سرور	54
ارمو فیس بک	بچوں کی باتیں	ادارہ	64

مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین

نائب مدیر: ڈاکٹر عبدالحق

اعزازی مدیر: نصرت ظہیر

ناشر اور طابع:
ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارت ترقی انسانی وسائل، محکمہ فروغ تعلیم، حکومت ہند
مطبع: ایس نارائن اینڈ سنز، بی-88، اوکھلا انڈسٹریل ایریا
فیز-II، نئی دہلی-110020
مقام اشاعت: دفتر قومی اردو کونسل

قیمت -/10 روپے سالانہ -/100 روپے

■ اس شمارے کے قلم کاروں کی آراء سے قومی اردو کونسل NCPUL اور اس کے مدیر کا متفق ہونا ضروری نہیں

صدر دفتر
فروغ اردو بھون، ایف سی 33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا
جسولہ، نئی دہلی-110025
فون: 49539000

شعبۂ ادارت: 49539009-11

ای میل
bachonkidunya@ncpul.in
editor@ncpul.in

ویب سائٹ
http://www.urducouncil.nic.in

شعبۂ فروخت: فون: 26109746
ویسٹ بلاک-8، ونگ-7 آر کے پورم
نئی دہلی-110066

ای میل: sales@ncpul.in
ncpulsalesunit@gmail.com

"بچوں کی دنیا" کی خریداری کے لیے چیک، ڈرافٹ یا منی آرڈر بنام NCPUL، شعبۂ فروخت کے پتے پر بھیجیں اور وضاحت طلب امور کے لیے وہیں رابطہ فرمائیں

شاخ: 22-7-110، تھرڈ فلور، ساجد پارکنگ کمپلکس
بلاک نمبر-1، چھتری گلی، حیدرآباد-500002
فون: 040 - 24415194

جادو کی ڈبیا

سنو بچو ! ذرا مرے پاس آؤ
شکیلہ جمیلہ کو بھی ساتھ لاؤ
یہ دیکھو مرے پاس کیا آگئی ہے
یہ چھوٹی سی ڈبیا بڑے کام کی ہے
یہ ڈبیا نہیں منتروں کی چھڑی ہے
سنو اس میں جادو کی پڑیا پڑی ہے
اسے جب گھماؤ تو دنیا گھمائے
یہ گھر بیٹھے بیٹھے سیاحت کرائے
اسے کھٹکھٹاؤ تو گھونگھٹ اٹھائے
ہمیں چاندنی اپنی صورت دکھائے
اسے جب دباؤ تو یہ گنگنائے
انوکھی نرالی دھنیں یہ سنائے
بنا کچھ دیائے بھی یہ بولتی ہے
بنا کچھ ہلائے بھی یہ ڈولتی ہے
ضرورت ہو جس کی اسے یہ بلادے
بلا کر ہمیں اس سے باتیں کرادے
ہمیں اپنے بچھڑے ہوؤں سے ملادے
ہمارے دلوں میں محبت جگادے
یہ چاہے تو جس سے بھی جس کو ملادے
کسی کو کسی سے بھی چاہے بھڑادے
کبھی اجنبی کو بھی ساتھی بنادے
کبھی دوست کو بھی یہ دشمن بنادے
کبھی جو شرارت یہ کرنے پہ آئے
تو چاہے جسے رات دن یہ ستائے

طلسمی فضائیں بھی اس میں چھپی ہیں
ہزاروں بلائیں بھی اس میں چھپی ہیں
کبھی تو یہ دنیا کا نقشہ ابھارے
کبھی آسماں کو زمیں پر اتارے
کہاں کیا ہوا سارا قصہ سنائے
یہاں کا وہاں کا تماشہ دکھائے
یہ مشرق کو مغرب سے پل میں ملائے
بس اک آن میں دوریوں کو مٹائے
یہ فوٹو بھی بیٹھے ہی بیٹھے اتارے
ہمارے بھی چہرے کا نقشہ ابھارے
یہ دیکھو تمہارا بھی فوٹو کھینچا ہے
تمہارے بھی چہروں کا نقشہ بنا ہے
نہیں وقت کا صرف چکر چلائے
یہ ڈبیا تو تاریخ دن بھی بتائے
الارم کی دھن وقت پر یہ بجائے
ہمیں نیند میں غفلتوں سے جگائے
مرے دل میں کیا ہے اسے یہ خبر ہے
مرے دل کے اندر بھی اس کی نظر ہے
الہ دین کا یہ دیا تو نہیں ہے
اور اس میں کوئی جن بسا تو نہیں ہے
کہ جب بھی بلاؤ تو دیکھو کھڑا ہے
جو کچھ چاہیے اس نے حاضر کیا ہے
چھڑی کی جھڑی دیکھ بچے یہ بولے
بہت دیر کے بعد منھ اپنے کھولے

یہ ڈبیا تو سچ مچ بڑے کام کی ہے
ہمیں بھی بتاؤ کہاں سے ملی ہے
بتاؤ کہ اس کا کوئی نام بھی ہے
فری میں ملی ہے یا کچھ دام بھی ہے

Dr Ghazneefar Jamia Milia Islamiya New Delhi-110025

□ اسلم جمشید پوری

ڈاکٹر اسلم جمشید پوری اردو کے مشہور افسانہ نگار ہیں۔ زیادہ تر بڑوں کے لیے لکھتے ہیں مگر یہ کہانی انہوں نے ہماری درخواست پر خاص طور سے بچوں کے لیے لکھی ہے جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ اردو کے اور بھی کئی مشہور ادیبوں سے بچوں کے لیے کہانیاں لکھوانے کی ہماری کوشش جاری ہے۔ اگلے مہینے آپ ایک اور اہم افسانہ نگار کی بچوں کے لیے لکھی گئی کہانی پڑھیں گے۔ مگر ان کا نام ابھی خود بتائیں گے! اعزازی مدیر

دو اکتوبر کا دن تھا۔ ویسے تو زیادہ تر 2 اکتوبر کو چھٹی ہوتی ہے۔ لیکن اس بار اسکول میں گاندھی جی کی زندگی پر ایک ڈراما ہونے والا تھا۔ اسکول کا آڈیٹوریم کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ پردہ اٹھا اور اسٹیج کے بالکل وسط میں روشنی کا ایک دائرہ سا ابھرا۔ دائرے میں لاٹھی ٹیکتا ایک بوڑھا اپنے جسم کو ایک دھوتی میں لپیٹے، عینک لگائے نمودار ہوا۔ جوں جوں وہ اسٹیج پر لاٹھی ٹیکتا ہوا آگے بڑھا ایک گراؤنڈ سے ہلکا میوزک اور آواز ابھرنے لگی:

"موہن داس کرم چند گاندھی..."

"بھارت کا مہان سپوت..."

"مہاتما گاندھی..."

"گاندھی... گاندھی... سچ کا طوفان... اہنسا کی آندھی... گاندھی..." پورا ہال تالیوں کی گڑگڑاہٹ سے گونج اٹھا۔ گاندھی کا کردار نبھاتے ہوئے ابرار نے وہ ایکٹنگ کی کہ لوگ دانتوں تلے انگلیاں دبانے پر مجبور ہو گئے۔ آدھے گھنٹے کے ڈرامے میں اور بھی کئی کردار تھے۔ لیکن اختتام پر سب کی زبان پر گاندھی کا ہی کردار تھا۔ پروگرام کے آخر میں پرنسپل نے جب ابرار کو بیسٹ ایکٹر ایوارڈ سے نوازا تو اس کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ وہ پچھلے کئی ماہ سے ریہرسل کر رہا تھا۔ پھر بھی اسے اتنی بڑی کامیابی کی امید نہیں تھی۔ اس نے

گاندھی جی کی بڑی بڑی تقریریں یاد کر لی تھیں اور اتنی روانی سے تقریر کی کہ لوگ حیرت سے تالیاں بجانے پر مجبور ہو گئے تھے۔

"بھائیو۔ ہم سب ہندوستانی ہیں۔ انسان ہیں۔ ہمیں ایک بات یاد رکھنی چاہیے۔ ہم ہمیشہ ستیہ کی آواز بنیں۔ ستیہ سب سے بڑی طاقت ہے۔ ستیہ ہی ایشور ہے..." اس نے اتنی روانی سے گاندھی کی تقریر کی تھی کہ اس کے اساتذہ نے اسے دل سے لگا لیا تھا۔

واپسی پر جب اس نے اپنے والد حیدر علی اور والدہ فضیہ بیگم کو اپنے انعامات اور پھول دکھائے تو ان کی آنکھوں میں بھی بیٹے کی فتح کے آنسو اُمڈ آئے۔ انھیں اپنے بیٹے پر ناز تھا۔ ماں نے آگے بڑھ کر اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا اور پیار کرنے لگیں۔

اگلے دن جب ابرار اسکول گیا تو اسے دوستوں نے گھیر لیا۔

شاہ رخ: یار تم نے تو کمال ہی کر دیا...

موہن: ابرار تم بالکل گاندھی کی کاپی لگ رہے تھے۔

نثار: اوئے لعل گاندھی... کیا بھاشن دیا تم نے...؟"

لعل گاندھی... لعل گاندھی...

سبھی دوستوں نے لعل گاندھی کی رٹ لگا لی۔ دوستوں کا مذاق، حقیقت میں بدلنے لگا اور اس دن کے بعد سبھی اسے لعل گاندھی کہنے لگے۔ بہت جلد وہ لعل گاندھی کے نام سے مشہور ہو گیا۔ اس کے دوستوں کا ماننا تھا اس کہ اس کی چال، ڈھال اور انداز گاندھی جی سے بہت ملتا ہے۔ جانے انجانے اس کے اندر گاندھی کی روح سماتی چلی جا رہی تھی۔ شہر اور شہر کے باہر... جہاں بھی گاندھی جی پر کوئی پروگرام ہوتا ابرار کو ضرور بلایا جاتا۔ بہت سے پروگراموں میں تو وہ صرف گاندھی جی جیسا مختصر لباس پہن کر شریک ہو جاتا۔ بعض پروگراموں میں گاندھی جی کے انداز میں تقریر کرتا اور بعض میں گاندھی جی کی زندگی کو اسٹیج پر زندہ کر دیتا۔ آہستہ آہستہ لوگ اسے لعل گاندھی کے طور پر ہی جاننے لگے۔

ایک دن لنچ بریک میں وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ لنچ لے رہا تھا۔ اچانک ایک طرف سے شور بلند ہوا۔ پتہ چلا موہن اور دھرمیندر آپس میں لڑ رہے ہیں۔

"چل بے نیچ ذات کے سور... تو نے میرے باکس کو کیسے ہاتھ لگایا؟" موہن نے حقارت آمیز لہجے میں دھرمیندر کو للکارا تھا۔

"گالی مت بکنا... ورنہ خون پی جاؤں گا، بڑا آیا اونچی ذات والا..." دھرمیندر بھی مقابلے پر اتر آیا تھا۔ موہن نے آؤ دیکھا نہ تاؤ دھرمیندر پر پل پڑا۔ ابرار لپک کر دونوں کے بیچ میں آ گیا۔

"لڑو نہیں... چلو ہٹو..."

ابرار بیچ بچاؤ کرا رہا تھا کہ ایک گھونسہ اس کے منہ پر لگا۔ ابرار کو بھی غصہ آ گیا۔ مگر اس سے قبل کہ وہ بھی اپنے ہاتھ صاف کرتا اسے گاندھی جی یاد آ گئے۔ ان کی تقریر اس کے دماغ میں گونجنے لگی۔

"تشدد کا جواب تشدد نہیں ہوتا۔" ابرار دونوں کے درمیان دیوار کی مانند کھڑا ہو گیا اور سخت لہجے میں بولا۔ "مجھے بتاؤ کیا ہوا...؟ ورنہ دونوں کو پرنسپل کے پاس لے جاؤں گا۔"

ابرار کے دوست بھی آ گئے تھے۔ معاملہ صرف یہ تھا کہ موہن برہمن خاندان سے تھا اور دھرمیندر نچلے طبقے سے جسے دلت طبقہ بھی کہتے ہیں۔ موہن نچلے طبقے کے لوگوں سے نفرت کرتا تھا۔ وہ تو دھرمیندر کے پاس بیٹھنا بھی پسند نہیں کرتا تھا۔ ہمیشہ اس سے بچ کے رہتا۔ کبھی بھیڑ بھاڑ میں اگر وہ ایسے کسی شخص سے بچ بھی ہو جاتا تو اپنے کپڑوں کو جھاڑتا اور گھر جا کر نہانے کے بعد ہی مطمئن ہو پاتا۔ دھرمیندر بھی موہن سے کم نہیں تھا۔ اسے موہن کا نچلوں سے نفرت کرنا بہت برا لگتا تھا۔ وہ بھی موہن سے نفرت کرتا تھا۔ اسے اپنی برادری پر

ناز تھا۔ وہ سب گاندھی میموریل ہائی اسکول میں دسویں کے طالب علم تھے۔ آج لنچ بریک میں سب لنچ کر رہے تھے۔ موہن کا لنچ باکس کھل نہیں رہا تھا۔ اسٹیل کا لنچ باکس سختی سے بند ہو گیا تھا۔ سبھی دوستوں نے زور لگا لیا تھا۔ پر لنچ باکس نہیں کھلا۔ شیام نے لنچ باکس دھرمیندر کی طرف بڑھا دیا تھا۔ دھرمیندر اپنی کلاس میں سب سے طاقت ور اور مضبوط تھا۔ اس نے لنچ باکس ہاتھ میں لے کر زور لگایا تو وہ کھل پڑا۔ لنچ باکس واپس موہن کے پاس آ گیا تھا۔ موہن غصے سے لال پیلا ہو رہا تھا۔ اس نے موہن کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھا اور غصے سے بے قابو ہوتے ہوئے لنچ باکس دھرمیندر پر کھینچ مارا۔ وہ تو دھرمیندر ایک طرف کو ہو گیا تھا، ورنہ اس کے چوٹ بھی لگتی اور کپڑے بھی خراب ہوتے۔ دھرمیندر بھی کہاں برداشت کرنے والا تھا، وہ بھی پوری طاقت سے موہن سے بھڑ گیا تھا۔ بس پھر کیا تھا۔ دونوں میں زبردست لات گھونسے چلنے لگے۔ ابرار نے آگے بڑھ کر بیچ بچاؤ کرانا چاہا تو ایک گھونسہ اسے بھی لگا۔ اسے غصہ تو آیا لیکن اس نے غصے پر قابو پاتے ہوئے موہن کو سمجھانے کی کوشش کی۔

"موہن... دیکھو ہم سب برابر ہیں۔ دھرمیندر بھی..."

"چل بے... گاندھی کی اولاد... اپنا لکچر بند کر... گدھے گھوڑے کبھی ایک جیسے نہیں ہوتے۔"

موہن نے ابرار کو آڑے ہاتھوں لیا۔ ابرار نے اپنی قوت برداشت کا بہترین مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔

"کوئی بات نہیں... چلو دھرمیندر کو معاف کر دو۔" پھر وہ دھرمیندر کی طرف گھومتا ہوا بولا "دھرمیندر تم ہی چھوٹے بن جاؤ، معافی مانگ لو..."

"نہیں ابرار میں معافی کیوں مانگوں۔ میرا کوئی قصور نہیں..."

"کوئی بات نہیں۔ کبھی کبھی امن و امان کے لیے چھوٹے بھی بن جاتے ہیں۔ پھر معافی مانگنے والا چھوٹا نہیں ہوتا..."

"موہن بھائی۔ سوری۔" دھرمیندر نے ابرار کے سمجھانے پر موہن سے معافی مانگ لی۔

"ہونہہ..." موہن نے سوری کا جواب سوری سے نہیں دیا۔ وہ اب بھی غصے میں تھا۔ ابرار دھرمیندر کو لے کر ایک طرف کو چلا گیا۔ بات آئی گئی ہو گئی۔

اس دن کے بعد کلاس میں دو گروہ بن گئے تھے۔ ایک طرف امیر اور اعلیٰ ذات کے طالب علم تھے تو دوسری طرف غریب اور پچھڑی ذاتوں کے طالب علم۔ ابرار اکیلا طالب علم تھا جو دونوں طرف کے طالب علموں سے ملتا جلتا تھا۔ وہ سمجھا بجھا کر ہمیشہ لڑائی جھگڑے کے فیصلے کروا دیتا۔ اس کی باتوں کو دوسرے طالب علم مان بھی لیتے تھے۔

ابرار کی محنت رنگ لائی اور کلاس میں پھر سے دوستی کا ماحول بن گیا۔ سبھی ایک ہو گئے تھے۔ موہن اندر اندر سلگتا رہتا تھا۔ اسے دھرمیندر اور ابرار سے نفرت تھی۔ وہ ابرار کی باتوں کو ڈھونگ مانتا تھا۔ وہ تو گاندھی جی کو بھی برا بھلا کہتا تھا۔ اس کا ماننا تھا اپنا حق چھیننے سے

ملتا ہے، بھیک مانگنے سے نہیں۔

وقت گذرتا گیا۔ امتحانات ہوئے، رزلٹ آیا۔ سبھی پاس ہو گئے تھے۔ موہن کے نمبر ابرار سے زیادہ تھے۔ وہ ایک دن کینٹین میں بیٹھا ہوا تھا۔ ابرار کو وہاں سے گذرتا دیکھ بول پڑا۔

"اوئے گاندھی کی اولاد... کہاں جا رہے ہو...؟"

ابرار کے تن بدن میں آگ لگ گئی، اس لہجے میں گاندھی جی کا نام لینا اسے بہت برا لگتا تھا، مگر وہ اپنے غصے کو پی کر بولا۔

"موہن بھائی... بس لائبریری تک جا رہا تھا..."

"اوہ لائبریری میں تم کیا کرتے رہتے ہو... نمبر تو بڑے کم آئے ہیں۔"

"آج کم آئے ہیں تو کل زیادہ بھی آئیں گے۔"

اور ابرار، موہن سے بچ کر لائبریری کی طرف نکل گیا۔

2 اکتوبر کا دن قریب آ رہا تھا۔ اسکول میں گاندھی کی زندگی پر ایک ڈرامے کی تیاری چل رہی تھی، بچے اپنی اپنی پسند کے رول چن رہے تھے۔ کوئی مولانا آزاد، کوئی نہرو اور پٹیل تو کوئی نیتا جی سبھاش چندر بوس اور چندر شیکھر آزاد کا رول لے رہا تھا۔ گاندھی کا رول کئی سال سے ابرار کرتا آ رہا تھا۔ موہن نے ضد کر لی کہ وہ گاندھی کا کردار کرے گا۔ ابرار کو ڈر تھا کہیں ایسا نہ ہو موہن رول ٹھیک نہ کر پائے۔ گاندھی کا رول اہم تھا۔ مرکزی کردار تھا۔ اسے کسی نئے لڑکے کو دینا ٹھیک نہیں تھا۔ لیکن موہن سے بات کرنے کی ہمت کسی میں نہ تھی۔ ابرار نے کسی طرح موہن سے بات کی۔

"موہن امبارک ہو، تم اس بار گاندھی بن رہے ہو..."

"ہاں... اور یہ کوئی ایسا رول نہیں جو صرف تم ہی کر سکو..."

"نہیں... نہیں... میں نے ایسا کب کہا۔ تم یہ رول ادا کر سکتے ہو... میں تمہاری مدد کرنا چاہتا ہوں۔ میں تمہیں گاندھی جی کی زندگی کے بارے میں، ان کے کاموں کے بارے میں بتاؤں گا۔ ان کے بات کرنے کا انداز، چلنے کا انداز... اس سے تمہیں اچھا رول کرنے میں مدد ملے گی..."

"مجھے کسی کی مدد نہیں چاہئے..." موہن کے جواب پر ابرار اپنا سا منہ لے کر رہ گیا۔

"میں تمہیں گاندھی بن کر دکھاؤں گا... تم سے اچھا گاندھی بن سکتا ہوں میں۔"

اسکول کا تھیٹر کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ ڈراما شروع ہو گیا تھا۔

موہن گاندھی بن کر جب اسٹیج پر آیا تو ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔ موہن نے کمال کر دیا تھا۔ چال تو بالکل ہو بہو گاندھی جی کی ہی تھی۔ بولنے کا انداز، سمجھانے کا طریقہ سب کچھ لاجواب تھا۔ ایسا لگ رہا تھا موہن، موہن نہیں، موہن داس بھی بن گیا ہے اور کرم چند بھی۔ دوسرے طالب علموں کے رول بھی اچھے تھے۔ لیکن گاندھی کا کردار سب کے ذہنوں پر چپک کر رہ گیا تھا۔ ڈرامے کا آخری سین بہت جذباتی تھا۔ گاندھی جی ایک جلسے میں امن وامان پر تقریر کر رہے تھے۔ اتنے میں ایک ناراض، غصہ سے بھرا نوجوان جلسے میں آ گیا۔ اس کے تیور ٹھیک نہیں تھے۔ اس غصیلے نوجوان کے کردار میں دھرمیندر تھا۔ اس نے گاندھی کے قریب آ کر گولی چلا دی تھی۔ گولی گاندھی جی کو لگی اور وہ نیچے لڑھک گئے تھے۔ ریوالور اور گولی سب نقلی تھے۔ گاندھی کے نیچے گرتے ہی دھرمیندر ان کی طرف لپکا، اس کے ہاتھ میں چھوٹا سا ایک چاقو تھا۔ ابرار کی نظر گاندھی پر تھی، اس نے دھرمیندر کے تیور اور چاقو دیکھ لیا تھا۔ اس نے پلک جھپکنے کی بھی دیر نہیں کی۔ دھرمیندر جیسے طاقتور لڑکے کو روکنا اس کے بس میں نہیں تھا اس لیے وہ پھرتی سے گاندھی بنے ہوئے موہن کے اوپر لیٹ گیا۔ دھرمیندر نے پوری قوت سے چاقو چلایا تھا۔ موہن کے بجائے چاقو، ابرار کے پیٹ میں گھس گیا تھا۔

اُدھر گاندھی کو گولی لگنے اور ان کے گرنے کے بعد، ہال تالیوں کی گڑگڑاہٹ سے گونج رہا تھا، شور شرابہ، سیٹیوں کی آوازیں۔ پردہ آہستہ آہستہ گر رہا تھا اور دوسری طرف ایک اور ہی سنگین ڈراما وجود میں آ چکا تھا۔ ابرار کی چیخیں، شور شرابے میں دب کر رہ گئی تھیں۔ موہن نے دھرمیندر کو پکڑ لیا تھا۔ اسٹیج پر لائٹس آن ہو چکی تھیں۔ ابرار کو تڑپتے دیکھ کر، سیکورٹی گارڈ لپکے اور اسے اٹھا کر اسپتال لے گئے۔ موہن دھرمیندر کو چھوڑ کر اسپتال کی طرف لپکا۔ اسپتال میں کہرام مچ گیا تھا۔ اسے فوراً آپریشن تھیٹر لے جایا گیا۔ ڈاکٹروں نے جواب دے دیا۔ بچنا مشکل ہے۔ پولیس نے دھرمیندر کو حراست میں لے لیا۔

موہن آپریشن تھیٹر کے باہر ایک طرف سر جھکائے کھڑا تھا۔ اسے کیا پتہ تھا کہ اس نے جس بلبل گاندھی کو نیچا دکھانے کے لیے، دن رات محنت کی تھی اور وہ محنت کامیاب بھی ہوئی تھی... گاندھی بننے کے چیلنج کو اس نے جیت لیا تھا، گولی اسی کو لگی تھی اور وہ اس وقت موت اور زندگی کے بیچ لٹکا ہوا تھا۔ مگر وہ سب نقلی تھا اور ابرار نے موت کو گلے لگانے کا زندہ کردار ادا کر کے اسے ایک بار پھر ہرا دیا تھا۔ اس کے لب ہل رہے تھے۔

"بلبل گاندھی... تم بلبل نہیں... بہت بڑے ہو۔ مجھے یقین ہے تم مرو گے نہیں۔ تمہیں زندہ رہنا ہے۔ ہم سب کے لیے... مجھ جیسوں کے لیے..." □

اس کہانی کے لیے استعمال کی گئی پہلی تصویر جناب چیتن بھوجانی کے فرزند وید بھوجانی کی ہے اور باقی تصویریں احمدآباد میں 12 اکتوبر 2012 کو گاندھی جی کے 143 ویں یوم پیدائش پر منعقد ہونے والے 'گاندھی مارچ' کی البم سے لی گئی ہیں جس میں ہزاروں بچوں نے باپو کی شبیہہ بن کر حصہ لیا تھا

Dr. Aalam Jamshedpuri
HOD, Urdu, CCS University, Meerut-250001 UP

ادارہ

دنیا ایک عجائب خانہ

میٹھا 'گولڈ برگر!': برگر تو آپ شوق سے کھاتے ہی ہوں گے۔ اسے دیکھیے۔ شاید آپ اسے دنیا کا سب سے بڑا برگر سمجھ رہے ہوں گے۔ جی نہیں۔ یہ برگر نہیں بلکہ اس سے بھی مزے دار چیز ہے جس کا نام سنتے ہی شرطیہ آپ کے منھ میں پانی آجائے گا۔ تو سنیے۔ یہ برگر نہیں کیک ہے۔ کہیے کیا خیال ہے؟ کھائیں گے؟ مگر یہ سوچ لیجیے بازار میں یہ آپ کو کہیں نہیں ملے گا۔ آپ کو اسی کاغذی کیک پر گزارہ کرنا ہوگا۔ اصلی کیک کھانا ہے تو اس کے لیے امریکی خلائی ایجنسی ناسا سے وابستہ رہ چکیں یتھمن گولڈ برگ صاحبہ سے درخواست کیجیے کیونکہ یہ ان ہی کا ایجاد کیا ہوا کیک ہے اور وہی جانتی ہیں کہ اسے کس طرح تیار کیا جاتا ہے۔ پتہ نہیں اس کیک کا نام انھوں نے کیا رکھا ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے نام پر اس کا نام گولڈ برگر رکھ دیں تو ہمارا خیال ہے سبھی کو اچھا لگے گا اور کیا پتہ کیک کا ذائقہ اور بھی بڑھ جائے! یتھمن برگ صاحبہ ہیں تو سائنسٹ لیکن شوق انھیں کیک بنانے کا ہے۔ طرح طرح کے کیک اب تک بنا چکی ہیں۔ نیچے نمونے دیکھیے۔

یہ ریکارڈ پلیئر اور سلائی مشین نہیں کیک ہیں۔ انھیں کھایا جا سکتا ہے۔

27تاروں والا گٹار: عام طور پر دنیا بھر کے موسیقار 12 تاروں والا گٹار استعمال کرتے ہیں۔ لیکن امریکی ریاست ٹینیسی کے ایک موسیقار کیتھ میڈلے نے 27 تاروں والا گٹار بنا کر سب کو حیران کر دیا ہے۔ اس انوکھے گٹار کی خاص بات یہ ہے کہ جب اسے 27 تاروں سے بجایا جاتا ہے تو اس سے نکلنے والے سُر کچھ ایسا تاثر دیتے ہیں جیسے ایک ساتھ کئی ساز بج رہے ہوں۔ میڈلے صاحب اس گٹار کے کامیاب تجربے سے بہت خوش ہیں اور اس کے بعد انھوں نے 34 تاروں والا گٹار بنانے کا کام شروع کر دیا ہے۔

میٹھا شہر: میٹھا برگر تو آپ دیکھ چکے۔ اب میٹھے شہر کی سیر کیجیے۔ شمالی آئرلینڈ کے برینڈن جیمی سن کو شوگر کیوب کی عمارتیں بنانے کا شوق ہے۔ ہم اور آپ چائے یا کافی میں جو شوگر کیوب استعمال کرتے ہیں ان سے جیمی سن اور ان کے ساتھی مارک ریپلیس نہ صرف عمارتیں بلکہ پورے شہر کے ماڈل بنانے میں لگے رہتے ہیں۔ اوپر جو تصویر آپ دیکھ رہے ہیں وہ یونان کے قدیم کھنڈروں کی طرز پر بنائے گئے ماڈل کی ہے۔ اس طرح انھوں نے آئرلینڈ کے کئی شہروں کے ماڈل بنائے ہیں۔ ایک ماڈل کے لیے وہ ایک سے پانچ لاکھ تک شوگر کیوبس استعمال کر لیتے ہیں۔ جلد ہی وہ نیویارک شہر کا ماڈل بنانے کی سوچ رہے ہیں جس میں نہ جانے کتنے لاکھ شوگر کیوب استعمال ہوں گی۔ لیکن یہ طے ہے کہ جب بھی یہ میٹھا شہر بنے گا تو کئی لوگ چاہیں گے کہ کاش وہ اس میٹھے نیویارک کو پانی میں گھول کر خود بھی پئیں اور دوسروں کو بھی پلائیں۔

روبوٹ بن کر دیکھیے: ایسے روبوٹ آپ نے صرف فلموں میں دیکھے ہوں گے۔ لیکن جاپانی ماہرین نے یہ ایسا روبوٹ بنایا ہے جس پر سوار ہو کر آپ خود ایک روبوٹ بن سکتے ہیں۔ اس میں کاک پٹ جیسی جگہ ہے جس میں بیٹھ کر آپ روبوٹ کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ 10 فٹ اونچے اس روبوٹ پر بیٹھ کر آزادی سے سڑکوں پر گھوما جا سکتا ہے۔ حال ہی میں ایک خاتون نے روبوٹ کو چلا کر دکھایا تو سب حیران رہ گئے۔

دولت مندوں کا ہوائی جہاز: یہ ہے بے حد دولت مند تاجروں کے لیے امریکہ میں بنایا گیا سپر سونک جیٹ ہوائی جہاز۔ یہ نہ صرف تیز رفتار ہے بلکہ خوب صورتی میں بھی اپنا کوئی جواب نہیں رکھتا۔ ساڑھے تین کروڑ پونڈ یعنی لگ بھگ 350 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار ہونے والے اس پرائیویٹ بزنس جیٹ میں کوئی کھڑکی نہیں ہے۔ دراصل کھڑکی کی ضرورت ہی نہیں ہے کیونکہ اس میں ہر طرف ایک بڑی اسکرین لگی ہے جس سے سب کچھ نظر آتا ہے اور اپنی پسند کے ویڈیو اور ٹی وی پروگرام بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس میں 12 سے 18 لوگوں کے بیٹھنے کی جگہ ہے اور چونکہ یہ آواز سے بھی تیز رفتار سے اڑنے والا سپر سونک ہوائی جہاز ہے اس لیے یہ کہیں پر بھی بہت کم وقت میں پہنچا سکتا ہے۔



پیار بھری معصومیت: کتے اور بلی میں پتہ نہیں کب سے دشمنی چلی آرہی ہے۔ مگر جس بلڈاگ کو آپ یہاں دیکھ رہے ہیں اس

کے نظریات ذرا مختلف ہیں۔ امریکی ریاست نبراسکا کے ایک گھر میں پلنے والے اس بلڈاگ نے جو خود صرف ایک سال کا ہے بلی کے بچوں کو گود لے لیا ہے۔ وہ بالکل ایک سگی ماں کی طرح ان بچوں کی دیکھ ریکھ کرتا ہے۔ بلی کے ننھے بچے بھی اس سے بے حد مانوس ہیں۔ یہاں بلڈاگ نہ صرف ان بچوں کے ساتھ کھیلتے ہیں بلکہ پیار بھی جتاتے نظر آتے ہیں۔ پیار بھری اس معصومیت کی ویڈیو آج کل انٹرنیٹ پر خوب دیکھی جارہی ہے۔ آپ بھی چاہیں تو دیکھ سکتے ہیں۔

مقناطیسی آدمی: ہالی وڈ کی فلم 'آئرن مین' Iron Man تو آپ نے دیکھی ہوگی۔ اب ملیے 'میگنیٹ مین' Magnet Man سے، جو کوئی خیالی کردار نہیں بلکہ سچ مچ ایک انسان ہے۔ یہ حضرت 56 سال کے ہیں، بوسنیا کے رہنے والے ہیں اور نام ان کا بڑا مشکل سا ہے۔ محب جا بوالجواسد Muhibija Buljubasic۔ پتہ نہیں اردو میں اس کا صحیح املا اور تلفظ کیا ہوگا۔ بہر کیف، قصہ یہ ہے کہ چار پانچ سال پہلے ان صاحب نے محسوس کیا کہ کئی چیزیں ان کے جسم سے چپک جاتی ہیں۔ مثلاً چاقو چھری کانٹے چمچے کف گیر اور کچن کے دوسرے آلات۔ اسی طرح موبائل سیٹ اور ریموٹ کنٹرول بھی ان کے بدن سے چپک جاتے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے وہ نہیں جانتے۔ ان کا خیال ہے کہ شاید ان کے جسم سے کچھ شعاعیں نکلتی ہیں جو چیزوں کو چپکا لیتی ہیں۔ سائنس دانوں کا خیال ہے کہ ان کی جلد یعنی کھال میں کچھ ایسی بات ہے کہ چکنی چیزیں اس سے چپک جاتی ہیں۔ اصل وجہ کیا ہے یہ کوئی نہیں جانتا۔ صرف اتنا صاف ہے کہ کپڑے کے اوپر سے وہ کچھ نہیں چپکا سکتے۔

ہم شکل پانڈا کا جوڑا: یہ ہے وہ ہم شکل پانڈوں کا جوڑا جو ایک سال پہلے 15 جولائی 2013 کو امریکہ میں پیدا ہوا تھا۔ یہ دونوں پانڈا امریکہ کے واحد جڑواں پانڈا ہیں اور اب جب ایک سال کے ہو گئے ہیں تو خوب موج مستی کر کے لوگوں کا دل بہلاتے نظر آتے ہیں۔ پانڈا عموماً صرف چین میں پائے جاتے ہیں اور تعداد میں بہت کم رہ جانے کی وجہ سے انھیں ان جانوروں کی فہرست میں کافی اوپر جگہ دی گئی ہے جن کی نسل ختم ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ □

ذیب الساجد

قربانی

حضرت ابراہیم علیہ السلام بہت بڑے نبی گزرے ہیں۔ آپ بابل میں پیدا ہوئے اور اس زمانے میں آپ کو نبی بنایا گیا جب بابل میں بت پرستی زوروں پر تھی۔ لوگ خود بت بناتے اور خود ان کی عبادت کرتے اور بتوں کو ہی اپنا رب مانتے تھے۔ کہتے ہیں حضرت ابراہیم کے والد (بعض مسلمانوں کے مطابق چچا) کا نام آزر تھا اور وہ بھی بت بناتے تھے۔ حضرت ابراہیم ابھی چھوٹے تھے کہ وہ دیکھتے کہ خود ان کے والد اور دوسرے لوگ خود ہی مٹی اور لکڑی سے بتوں کو بناتے ہیں اور پھر ان کو رب سمجھنے لگتے ہیں۔ وہ حیران ہوئے اور سوچنے لگے کتنے نادان ہیں یہ لوگ کہ بے جان بتوں کو رب سمجھ رہے ہیں۔ حضرت ابراہیم ان لوگوں سے کہتے تم لوگ کیوں ان بتوں کو پوجتے ہو جب یہ تمہیں نہ کوئی فائدہ دے سکتے ہیں نہ نقصان، تو وہ جواب دیتے کہ ہم وہی کر رہے ہیں جو ہمارے باپ دادا کرتے آرہے ہیں۔

ایک دن شہر کے باہر ایک بڑا میلہ لگا، سبھی لوگ اس میلے میں گئے حضرت ابراہیم نہیں گئے۔ سب کے جانے کے بعد حضرت ابراہیم بڑے بت خانے گئے اور وہاں رکھے سب بتوں کو توڑ ڈالا۔ سوائے ایک سب سے بڑے بت کے۔ اب جس کلہاڑی سے سب بتوں کو توڑا تھا اس کلہاڑی کو آپ نے بڑے بت کے کندھے پر رکھ دیا جس سے یہ لگے کہ باقی سب بت اسی نے توڑے ہیں۔

لوگ جب واپس آئے اور انھوں نے بت ٹوٹے ہوئے دیکھے تو انھیں بہت غصہ آیا سوچنے لگے یہ حرکت کس نے کی ہے۔ ان سب کو حضرت ابراہیم پر شک ہوا کیونکہ وہ میلے میں نہیں گئے تھے۔ ان کو بلا کر پوچھا گیا "یہ بت کس نے توڑے ہیں؟"

حضرت ابراہیم نے جواب دیا "مجھ سے پوچھنے کے بجائے ان بتوں سے پوچھو کہ ان کو کس نے توڑا ہے؟"

لوگوں نے کہا "آپ کو معلوم ہے یہ بول نہیں سکتے۔"

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا "پھر تم ایسے بتوں کی عبادت کیوں کرتے ہو؟ دیکھو کلہاڑی بڑے بت کے کندھے پر ہے یہ کام اسی کا معلوم ہوتا ہے، اس سے پوچھو۔" لوگ بہت ناراض ہوئے اور آزر سے شکایت کی کہ حضرت ابراہیم کو سمجھاؤ۔ لیکن حضرت ابراہیم نے والد کو بھی بتوں کی عبادت کرنے سے منع کیا، اور فرمایا "ابا جان میں ڈرتا ہوں کہ آپ پر رب کا کوئی عذاب نازل نہ ہو۔"

والد نے ناراض ہو کر کہا "آئندہ تو نے مجھ سے کوئی ایسی بات کہی تو میں تمہیں سنگسار کر دوں گا۔ تو میرے پاس سے سدا کے لیے چلا جا۔"

حضرت ابراہیم نے انھیں سلام کیا اور کہا "میں چلا جاتا ہوں

لیکن آپ کے لئے مغفرت کی دعا کرتا رہوں گا۔"

پھر کیا ہوا؟ وہاں کے بادشاہ نمرود کو جو بہت ظالم اور بت پرست تھا ان سب باتوں کا پتہ چلا کہ آزر کا بیٹا لوگوں کو بتوں کی پوجا کرنے سے منع کرتا ہے اور ایک رب کی عبادت کے لیے دعوت دیتا ہے تو اس نے ان کو اپنے دربار میں بلایا اور آپ سے جھگڑنے لگا۔ حضرت ابراہیم نے فرمایا "میرا خدا وہی ہے جو مارتا بھی ہے اور جلاتا بھی ہے۔"

نمرود نے کہا "میں بھی مار سکتا ہوں اور زندگی دے سکتا ہوں۔" یہ کہہ کر اس نے ایک قیدی کو جس کو سزائے موت کا حکم ہو چکا تھا آزاد کر دیا، اور ایک بے گناہ کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد کہا "کہ اب بتاؤ میرے اور تمہارے خدا کے درمیان کیا فرق ہے۔"



حضرت ابراہیم نے کہا "میرا رب ہر روز سورج مشرق سے نکالتا ہے تم مغرب سے نکال دو۔" اس پر نمرود لاجواب ہو گیا اور حکم دیا کہ حضرت ابراہیم کو زندہ جلا دیا جائے۔ چنانچہ بہت سی لکڑیاں اکٹھی کی گئیں اور ان میں آگ لگا دی گئی۔

جب آگ بہت بھڑک اٹھی تو حضرت ابراہیم کو اس میں پھینک دیا گیا، مگر خدا کے حکم سے وہ آگ ٹھنڈی ہو گئی اور آپ کو آگ سے کوئی تکلیف نہیں پہنچی۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم کو رب نے حکم دیا کہ اپنی بیوی حضرت ہاجرہ اور اپنے بیٹے اسماعیل السلام کو ایسی جگہ چھوڑ آؤ جہاں آبادی نہ ہو۔ آپ نے ویسا ہی کیا اور انھیں وہاں لے گئے جہاں بعد میں شہر مکہ آباد ہوا۔

حضرت اسماعیل تب بہت ہی چھوٹے تھے۔ سخت گرمی میں پیاس سے بے حال ہو گئے۔ حضرت ہاجرہ نے حضرت اسماعیل کو پتھر کے سائے میں لٹایا اور خود پانی کی تلاش میں دوڑنے لگیں۔ رب کی قدرت دیکھیے کہ جہاں حضرت اسماعیل پیاس سے ایڑیاں رگڑ رہے تھے وہاں پانی کا چشمہ پھوٹ نکلا جو آج تک 'زم زم' کے نام سے مشہور ہے۔ حضرت ہاجرہ جہاں پانی کی تلاش میں دوڑی تھیں اسے صفا اور مروہ کہتے ہیں۔ حضرت اسماعیل جب کچھ بڑے ہوئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو رب کی طرف سے حکم ہوا کہ اپنے بیٹے اسماعیل کو میری راہ میں قربان کر دو۔ جب آپ نے حضرت اسماعیل کو یہ بات بتائی تو حضرت اسماعیل نے کہا: "ابا جان ہمارا رب جو بھی آپ کو حکم دے رہا ہے اسے ضرور پورا کیجیے آپ مجھے خدا کی راہ میں ثابت قدم پائیں گے۔"

حضرت ابراہیم بیٹے کو ذبح کرنے کے لیے لے کر چلے، اور جنگل میں لے جا کر حضرت اسماعیل کو الٹا لٹا دیا حضرت ابراہیم نے اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ لی تاکہ بیٹے کی محبت رب کے حکم پر عمل کرنے سے نہ روک دے اور گلے پر چھری چلا دی۔ تبھی آواز آئی۔

"اے ابراہیم تو نے ہمارے حکم پر عمل کر کے دکھا دیا۔" حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آنکھوں سے پٹی کھولی تو دیکھا کہ حضرت اسماعیل کے بجائے ایک دنبہ ذبح کیا ہوا پڑا تھا۔ اس واقعے کی یاد میں مسلمان ہر سال قربانیاں کرتے ہیں۔

جب حضرت اسماعیل جوان ہوئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل نے مل کر خانۂ کعبہ کو دوبارہ تعمیر کرنا شروع کیا۔

پیارے بچو خانۂ کعبہ اسی مکہ شہر میں ہے جہاں ساری دنیا سے لاکھوں مسلمان ہر سال حج کرنے جاتے ہیں اور اس کی طرف منہ کر کے سب مسلمان پانچوں وقت کی نماز ادا کرتے ہیں۔ □

Ms Zaibunniaa Haya C/o Syed Irshad Ali
A-1, 4th Floor MM Apartment near Shiya Masjid, Okhla Vihar
New Delhi - 110025

محمد توحید الحق





مسرتوں کا جو تحفہ ملا ہے عید کے دن
یہ فضل ہم پہ خدا کا ہوا ہے عید کے دن

نماز عید بھی سب لوگ کر رہے ہیں ادا
مزہ بھی دیکھئے کیا آرہا ہے عید کے دن

چہل پہل ہے سحر سے گلی محلوں میں
جہاں بھی دیکھئے میلہ لگا ہے عید کے دن

یہ شیروانی، یہ کرتا، یہ شرٹ، یہ جیکٹ
لباس رنگ برنگا بنا ہے عید کے دن

مکان ہو کہ دکاں ہو، گلی ہو یا بازار
تمام شہر ہی گویا سجا ہے عید کے دن

سب ایک دوسرے سے ہنس ہنس کے مل رہے ہیں گلے
نہ کوئی چھوٹا نہ کوئی بڑا ہے عید کے دن

کھلائے ہم کو کبھی پلاؤ شامی کباب
یہ کام آپ نے اچھا کیا ہے عید کے دن

یہ عید لوٹ کے آئے ہزار بار آئے
یہی ہر ایک کی دل سے دعا ہے عید کے دن

M Tauheedul Haq Near Municipal Urdu Primary School Ismailpura, Kamptee Distt Nagpur - 441002 Maha.

فاروق جمال



یہ مضمون توجہ سے پڑھیے اور سمجھنے کی کوشش کیجیے اپنے محترم اور شفیق بزرگوں کی عیدوں کے غم درد کو... جس کا علاج شاید آپ ہی کر سکتے ہیں

عید اور عیدی کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ عید آتی ہے تو عیدی بھی آتی ہے۔ مگر اب شاید عیدی کی وہ اہمیت نہیں۔ گزرے زمانے میں بچوں کو روزے نماز سے جوڑنے کے لیے عیدی کا رواج تھا۔ رمضان کا چاند ہوا نہیں کہ ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی بچوں کو دعوت دیا کرتے تھے کہ جو پورے روزے رکھے گا پوری نماز ادا کرے گا اسے وہی عیدی دی جائے گی جو وہ چاہے گا۔ جو آدھے روز رکھے گا اور آدھی نماز ادا کرے گا اسے اتنی عیدی ملے گی اور جو صرف تین روزے رکھے گا اس کو یہ عیدی ملے گی وغیرہ وغیرہ۔

بحرحال جتنی عمر کے بچے اتنے ہی عیدی کے زمرے۔ بچے عیدی کے لالچ میں زیادہ سے زیادہ روزے رکھنے اور نماز کے پابند بننے کی کوشش کرتے تھے۔ اس طرح بچوں کو روزہ نماز کی عادت ڈالی جاتی تھی۔ اور بچے خود بہ خود مذہب کے قریب ہو جاتے تھے۔ مذہب سے قریب ہو کر وہ دین کی باتیں، شریعت اور فرائض کو بخوبی سمجھ لیتے تھے۔ جو باتیں اساتذہ، مولوی برسوں میں نہیں سکھا پاتے تھے وہ بچے عیدی کے چکر میں صرف ایک مہینے میں سیکھ لیتے تھے۔ پھر دینی علم کچھ ایسا ہے کہ جس نے ایک بار یاد کیا سو عمر بھر کے لیے یاد ہو جاتا ہے۔ بس پھر کیا تھا عید ہوتی اور وعدے کے مطابق عیدی مل جاتی تو عید میں ایک اور عید ہو جاتی۔ خاندان کے بزرگ عیدہ گاہ سے لوٹتے اور گھر بھر کے بچے انھیں عیدی کے لیے گھیر لیتے۔ بزرگ بھی بچوں کی عیدی عیدی کی رٹ کے درمیان اپنے آپ کو بادشاہ تصور کرتے اور بچوں کے جھگڑے، شور غل سے لطف اندوز ہوتے۔ وعدے کے مطابق سب کو عیدی تقسیم کر کے خوش ہوتے اور عیدی کے ساتھ ساتھ شفقت، محبت، دلار اور دعائیں بھی دیتے جاتے۔ گزرے زمانے میں بچے پہلے عیدی حاصل کرنے کے لیے شور غل مچاتے اور عیدی مل جانے کے بعد عیدی ملنے کی خوشی میں شور غل مچا کر گھر کو سر پر اٹھا لیتے تھے۔ بچوں کی مستی میں گھر کے بڑے بزرگ بھی

شامل ہوجاتے۔ جس سے عیدی کا جشن اور بھی پُرلطف ہوجایا کرتا۔

عیدی جیسی بھی ہوتی جتنی بھی ہوتی وہ اپنی جگہ۔ لیکن عیدی بچوں کو تمیز، سلیقہ، اخلاق و محبت بھی سکھاتی تھی۔ رشتوں میں مضبوطی اور خلوص کی چاشنی بھر دیتی تھی۔

اب نہ وہ عید نظر آتی ہیں اور نہ عیدی کا وہ جشن۔ بلکہ نئے زمانے کے بچے تو عیدی کے سلسلے میں کچھ جانتے بھی نہیں۔ جو جانتے ہیں وہ عیدی مانگنا تہذیب کے خلاف سمجھتے ہیں۔ کیونکہ آج کی ترقی پسند مائیں انھیں پہلے ہی سے سکھا دیتی ہیں۔ "دیکھو چنٹو منٹو اور پنٹو تم کسی سے کوئی عیدی وغیرہ نہیں مانگنا، عیدی مانگنا بہت خراب لگتا ہے۔ یا عیدی مانگنا بھکاریوں کا کام ہے سمجھے۔ میں نے تمہارے ڈیڈ سے کہہ دیا ہے وہ تمہیں فلم دیکھنے اور موج مستی کے لیے تمھارا پاکٹ منی ڈبل کر دینے والے ہیں۔"

"مام از گریٹ!" ترقی پسند بچے بھی اپنی ماں کی بات کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ ماں باپ کی ایسی سیکھ کی وجہ سے عیدی کا جشن ختم سا ہو کر رہ گیا ہے۔ ہم نے عیدی لینے کا لطف تو خوب اٹھایا ہے لیکن عیدی دینے کے مزے سے اب ہمارا دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ کیونکہ ہمارے بچے بھی انگریزی تعلیم کے چکر میں عیدی وغیرہ کے جشن سے بے بہرہ سے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ عیدی ہم سے ضرور وصول کرتے ہیں لیکن روزے رکھ کر یا تراویح ادا کر کے نہیں بلکہ بڑا بیٹا ہر سال رمضان شریف کے آتے ہی راگ الاپنے لگتا ہے "ڈیڈ! میری موٹر سائیکل کو پورا ایک سال ہو گیا ہے، پچھلے سال عید پر بدلی تھی، اس سال پھر نئے نئے ماڈل آ گئے ہیں، میرے سارے دوستوں نے اپنی اپنی موٹر سائیکل بدل لی ہے۔ کون سی بائک دلا رہے ہو آپ اس بار مجھے۔"

ہم نہ چاہتے ہوئے بھی اسے نئی موٹر سائیکل دلانے کے لیے مجبور ہو جاتے ہیں۔ نہ دلاؤ تو بیگم سینہ تانے بیٹے کی طرفداری کے لیے کھڑی ہو جاتی ہیں۔

موٹر سائیکل دلاؤ تو عید کے دن بیٹے کے دیدار مشکل ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ سارا دن دوستوں کے ساتھ سڑکیں ناپتا رہتا ہے۔ بیٹی



ہے وہ کچھ سنجیدہ قسم کی ہے۔ ماں جو بھی دلا دیتی ہے خاموشی سے رکھ لیتی ہے۔ ماں بے چاری ابھی سے اس کی شادی کی فکر میں ہے اور اسی فکر میں اسے کوئی زیور خرید کر دے دیتی ہے جو اس کے خیال میں شادی کے وقت دینے کے کام آئے گا۔ اتنا بڑا گھر اور ہم چار نفوس عید کے دن عیدی کے جشن کے بغیر گھر سونا سونا سا لگتا ہے۔ نہ شور غل نہ عیدی کے نعرے نہ دھما چوکڑی۔ وقت کے ساتھ ساتھ عید کا طریقہ بھی بدل گیا ہے جس میں عیدی کا کوئی تصور ہی نہیں ہے۔

میرا دل اب بھی چاہتا ہے کہ کوئی آئے اور عیدی مانگے۔ عیدی کے لیے بضد ہو جائے۔ میں چند لمحے جھوٹ موٹ نخرے دکھاؤں، اس کی ضد اور بڑھ جائے اور پھر میں بڑی ادا سے اسے عیدی دیدوں جس کے بعد وہ خوش ہو جائے، مجھے سلام کرے اور میں بڑھ کر اسے گلے سے لپٹا لوں۔ میرا گھر، گھر کے در و دیوار عیدی کے نعروں سے گونج اٹھیں... اور یوں میری بھی عید ہو جائے۔

مگر ایسا کچھ نہیں ہوتا۔ میں اپنے بچپن کی عیدوں کو اور عیدی ملنے کی خوشی کو یاد کر کے پورا دن گذار دیتا ہوں۔ ہائے کیا دن تھے، کیا عیدیں تھیں اور کیا عیدیاں تھیں!

Raunaq Jamal Kalrat Street No 9 New Adarsh Nagar Durg - 491001 [redacted]

پیار کی اجرت

عاصم تیرہ سال کا بہت ہی ذہین اور بہت زیادہ سوال کرنے والا طالب علم تھا۔ اسے پڑھنے لکھنے اور نئی نئی چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ ہر دن وہ اپنے والدین اور ٹیچروں سے نت نئے سوالات کرتا تھا۔ عاصم کے بھولی اس کے کیوں؟ اور کیسے؟ سے کافی پریشان رہتے تھے۔ لیکن اس کے ریاضی کے استاد اس کی اس عادت سے نہ صرف بہت خوش تھے بلکہ اس کی حوصلہ افزائی بھی کرتے تھے۔ عاصم کے والد دور شہر میں کام کرتے تھے ہفتے دو ہفتے میں جب وہ گھر واپس آتے تو عاصم ان پر سوالوں کی بوچھاڑ کر دیتا تھا۔ عاصم کے والد بہت ہی اطمینان سے اس کے تمام سوالوں کا جواب دیتے تھے۔

ایک دن عاصم کے ساتھ عجیب واقعہ پیش آیا۔ عاصم جب اسکول سے گھر آیا تو اس کی ماں نے کہا، "بیٹا! کھانا کھانے کے بعد دھوبی کی دوکان سے اپنے لئے کے پریس کیے ہوئے کپڑے لے آنا۔" عاصم نے کہا ٹھیک ہے ماں، میں لے آتا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ دھوبی کی دوکان کی طرف چل پڑا۔

عاصم دھوبی کی دوکان پر گیا تو دھوبی نے عاصم کو کپڑے کے ساتھ کاغذ ایک ٹکڑا بھی دیا۔ جس پر لکھا تھا۔

چار پینٹ اجرت =10 روپے۔

چار شرٹ قیمت =10 روپے۔

کل قیمت = 40 روپے۔

عاصم نے ماں کے ہاتھوں میں کپڑوں کا بنڈل اور کاغذ کا ٹکڑا

دیتے ہوئے پوچھا: "ماں دھوبی نے یہ کاغذ کا ٹکڑا کیوں دیا؟"

ماں نے سمجھایا: "بیٹا، دھوبی نے اس پر اپنی محنت کی اجرت لکھی ہے۔ جو ہم اسے ادا کریں گے۔"

عاصم کو اجرت لینے کے لیے دھوبی کا یہ طریقہ بہت پسند کیا۔

تھوڑی دیر بعد عاصم گھر کے لیے کچھ سامان خریدنے بازار گیا۔ اس کی نگاہ کھلونے کی ایک دوکان پر پڑی۔ اس نے کھلونوں کی دکان میں ایک خوبصورت ہوائی جہاز دیکھا۔ اس کا دل اس کھلونے کے لیے مچل گیا۔ وہ کھلونے کی دوکان میں داخل ہوا اور پوچھا: "انکل اس ہوائی جہاز کی کیا قیمت ہے؟"

دوکاندار نے جواب دیا: "بیٹا، اس کی قیمت 50 روپے ہے۔"

عاصم کے پاس جہاز خریدنے کو پیسے نہیں تھے۔ اس نے کہا: "انکل میں کل یہ جہاز خریدوں گا۔ کسی دوسرے کو نہ بیچیں۔"

دوکاندار مسکرایا اور اپنے کام میں مشغول ہوگیا۔ دوکان سے جاتے جاتے بھی عاصم جہاز کو ہی دیکھتا رہا۔

عاصم بازار سے گھر واپس آگیا تھا لیکن اس کا ذہن جہاز میں لگا ہوا تھا۔ گھر کے کسی کام میں اس کا دل نہیں لگ رہا تھا۔ بار بار وہ جہاز اس کی نگاہوں کے سامنے آجاتا تھا۔ وہ رات بھر اس جہاز کے خریدنے کی ترکیبیں سوچتا رہا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیسے اتنی بڑی رقم اکٹھا کی جائے۔ اچانک اس کے ذہن میں کاغذ کے اس ٹکڑے کا خیال آیا جس پر دھوبی نے اپنی محنت کی اجرت لکھ رکھی تھی۔ اس نے سوچا کہ پیسہ اکٹھا کرنے کا یہ بہترین طریقہ ہے۔

دوسرے دن جب عاصم اسکول جانے کے لیے تیار ہوا تو اس نے ایک کاغذ کا ٹکڑا لیا اور اس پر لکھا: بازار سے سبزی خرید کے لانے کے دس روپے، دھوبی کی دوکان سے کپڑا لانے کے بھی دس روپے، گھر کے دوسرے کاموں کے 30 روپے، کل 50 روپے۔ یہ روپے ہر حال میں آج ہی ادا کردیں مجھے ان کی ضرورت ہے۔ عاصم نے کاغذ کے ٹکڑے کو ماں کے کمرے میں رکھ دیا اور اسکول چلا گیا۔

شام کو اسکول سے واپس آتے ہی عاصم اپنی ماں کے کمرے میں گیا۔ میز پر کاغذ کے ٹکڑے کے ساتھ 50 روپے کا نوٹ دیکھ کر وہ خوشی سے اچھل پڑا۔ عاصم نے نوٹ جیب میں رکھا اور کاغذ اٹھالیا۔ کاغذ کو قریب سے دیکھا تو اس پر کچھ اور ہی عبارت لکھی ہوئی تھی۔

۱۳ سال کی دیکھ بھال اور پرورش کی اجرت = کچھ نہیں۔

تمھارے لیے سیکڑوں راتیں جاگنے کی اجرت = کچھ نہیں

تمہاری تعلیم اور دواؤں کا معاوضہ = کچھ نہیں۔

اس اجرت کو جب کبھی بھی تمہاری مرضی ہو ادا کرسکتے ہو۔

اس تحریر کو پڑھتے ہی عاصم کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ وہ ماں کے پاس گیا اور کہا: "ماں، مجھ سے بہت بڑی غلطی ہوگئی ہے۔ خدا کے لئے مجھے معاف کردو۔ میں آپ کا قرض کبھی ادا نہیں کرپاؤں گا۔ میں کیا دنیا کا کوئی بھی انسان ماں باپ کے قرض اور احسان کا بدلہ نہیں ادا کرسکتا ہے۔ کبھی نہیں! ان کا پیار اور ان کی خدمات انمول ہیں۔ پلیز، مجھے معاف کردیجیے۔"

عاصم نے 50 روپے کا نوٹ جیب سے نکالا اور ماں کو واپس کرنے لگا۔ لیکن ماں نے کہا: "بیٹا، یہ 50 روپے تمہارے ہیں۔ تمھیں ان کی ضرورت ہے۔"

بیٹے کی معصومیت اور شرمندگی کو دیکھ کر ممتا تڑپ اٹھی اور ماں نے اسے سینے سے لگالیا۔ □

Abrar Ahmad Azmi
155 Sabarmati Hostel JNU New Delhi-110067

قلفی والے چاچا

چنو اور منو دو بھائی تھے۔ چنو دوسری جماعت میں پڑھتا تھا اور منو تیسری میں۔ ان کے ابا کی پھلوں کی چھوٹی سی دکان تھی۔ جہاں موسم کے اعتبار سے وہ کیلے، آم اور انگور وغیرہ فروخت کرتے اور امی گھر کے کام نپٹا کر سلائی کڑھائی کا کام کرتی تھیں۔ اس طرح کل ملا کر اتنی آمدنی ہو جاتی کہ گذارا ہو جاتا۔ دونوں میاں بیوی بڑے نیک اور ایمان دار تھے۔ بچوں کو ہمیشہ نیکی، سچائی اور ہمدردی کا سبق پڑھاتے۔ والدین کی نصیحتوں اور ان کی سچائی اور ایمان داری کا اثر بچوں پر بھی تھا۔ دونوں بھائی بڑے سعادت مند تھے۔ کبھی کسی کا دل نہ دکھاتے، بلا ناغہ مدرسہ جاتے گھر آ کر لکھتے پڑھتے، نہ بری بات کرتے نہ برے بچوں کے ساتھ رہتے۔

اسکول میں بھی دونوں اپنے ٹیچروں کے چہیتے تھے۔ وہ دوسرے بچوں کو ان کی مثالیں دیتے نہ تھکتے۔ اسکول جاتے وقت امی دونوں کو دو دو روپے دیتیں جن سے وہ کبھی چنے، پاپڑ تو کبھی قلفی کھاتے۔ دوسرے بچے زیادہ پیسے لاتے اور خوب دھوم سے خرچ کرتے۔ کبھی کبھی منو کہہ دیتا "امی آپ ہمیں روزانہ دو ہی روپے دیتی ہیں۔ کبھی تو زیادہ پیسے دیا کریں۔ دوسرے بچے کتنی چیزیں کھاتے ہیں۔ کیوں چنو؟" اور چنو گردن ہلا دیتا۔

امی انہیں پیار سے سمجھاتیں نہیں بیٹے باہر کی چیزیں زیادہ کھانے سے پیٹ خراب ہو جاتا ہے۔ صاف ستھری چیزیں ہی کھانی چاہیے۔ اور تمہارے لیے دو روپے ہی کافی ہیں۔ پھر ہماری آمدنی بھی زیادہ نہیں ہے۔ یہ سن کر منو چپ ہو جاتا۔

وقفہ کے دوران اسکول کے احاطے میں کھانے کی مختلف چیزیں بیچنے والوں کی دکانیں لگتی تھیں۔ دونوں بھائی بھی اپنی اپنی پسند کی چیزیں لے لیتے۔ اس دوران وہاں ایک قلفی والا بھی آ جاتا جس سے وہ ایک روپے والی تو کبھی آٹھ آنے والی قلفی لے کر کھاتے۔ ان کی بات چیت کے ڈھنگ اور سلیقے سے وہ بھی خاصا متاثر تھا۔ وہ دونوں کو دیکھ کر مسکرا دیتا اور ان کی پسند کی قلفی دے دیتا۔ وہ دونوں کو اچھی طرح پہچانتا تھا کیوں کہ صرف یہ دونوں بھائی اسے قلفی والے چاچا کہہ کر پکارتے تھے۔ باقی بچے اسے قلفی والے بھیا... یا پھر... او قلفی والے کہا کرتے تھے۔

چنو اور منو اکثر قلفی کھاتے ہوئے دیکھتے کہ ان کے اسکول کا ایک لڑکا قلفی والے چاچا کے پاس روزانہ سب سے آخر میں پہنچتا ہے۔ چاچا اسے دیکھتے ہی آٹھ آنے والی قلفی نکال کر دے دیتے۔ وہ کبھی قلفی کے

پیسے نہ دیتا بس چاچا سے ایک دو بات کرتا اور پھر چاچا آگے بڑھ جاتے۔ یہ روز کا معمول تھا۔ چنو اور منو دونوں کو حیرانی اس بات پر تھی کہ قلفی والے چاچا روزانہ اس لڑکے کو آٹھ آنے والی قلفی بغیر مانگے ہی کیوں دے دیتے جب کہ وہ کبھی پیسے بھی نہیں دیتا اور نہ ہی چاچا پیسے مانگتے ہیں۔ آخر ماجرا کیا ہے؟ دونوں نے سوچا کہ ہم اس لڑکے کے ساتھ یا اس کے فوراً بعد قلفی لینے جائیں گے۔ اتفاق سے دو چار دن میں انہیں موقع مل گیا۔ جیسے ہی وہ لڑکا قلفی والے چاچا کی طرف بڑھا چنو اور منو بھی اس کے پیچھے پہنچ گئے۔

قلفی والے چاچا نے لڑکے کے سر پر پیار سے ہاتھ رکھ کر پوچھا "کیوں بیٹے ٹھیک سے پڑھ رہے ہو نا!"

"جی ہاں" لڑکے نے کہا۔

"بیٹا! اسکول چھوٹتے ہی سیدھے گھر آنا کہیں رکنا نہیں۔"

"جی۔ جی۔" اس نے جواب دیا۔

چنو منو پر نظر پڑتے ہی چاچا نے کہا، "آؤ بچو! آج کیوں دیر لگا دی؟"

"وہ... وہ... چاچا..." چنو اور منو دونوں گڑبڑا گئے۔ دونوں کی نظریں لڑکے کی طرف تھیں۔ چاچا سمجھ گئے۔

"چنو، منو یہ میرا بیٹا حامد ہے جو پہلی جماعت میں پڑھتا ہے۔ ہو سکے تو اسے بھی تم اپنے ساتھ رکھا کرو۔"

"ٹھیک ہے چاچا لیکن یہ آپ کا بیٹا ہے تو پھر آپ اسے وہ پانچ روپے والی قلفی کیوں نہیں دیتے۔ ہمیشہ آٹھ آنے والی ہی کیوں دیتے ہیں؟" چنو نے کہا۔

چاچا کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ مسکراتے ہوئے ہی وہ بولے، "تو اس میں کیا برائی ہے بیٹا۔ کئی بچے آٹھ آنے والی ہی قلفی کھاتے ہیں اور پھر کبھی کبھی تم بھی تو وہی لیتے ہو نا۔"

"وہ تو ہم اس لیے لیتے ہیں کہ امی ہمیشہ دو دو روپے ہی دیتی ہیں کھانے کو۔ کوئی دوسری چیز لے لیں تو قلفی کے لیے آٹھ آنے ہی بچتے ہیں۔ امی کہتی ہیں ہماری آمدنی کم ہے۔" منو نے بتایا۔

"بالکل ٹھیک، میری آمدنی بھی اس کی اجازت نہیں دیتی کہ روزانہ حامد کو پانچ دس روپے کھانے کو دوں؟ اور پھر وہ گھر جا کر ایک دو قلفی کھا ہی لیتا ہے کیوں بیٹے؟"

"جی ابا۔" حامد نے جلدی سے کہا۔ "آج مجھے گھر پر پانچ روپے والی قلفی دینا..."

حامد کی معصوم فرمائش پر سب ہنس پڑے۔

"دیکھو بیٹے! یہاں کچھ بچے ایسے بھی ہوں گے جو ایک روپیہ ہی لاتے ہوں گے یا وہ بھی نہیں۔ ہمیں اپنے والدین کی آمدنی اور گھر کے حالات کے مطابق خرچ کی عادت ڈالنی چاہیے۔ فضول خرچی سے بچنا چاہیے۔ اس طرح تم اپنے ماں باپ کے کام ہی آؤ گے۔ ان کے کام کو ترقی ملے گی... اچھا چلو بھائی... آج کافی دیر ہو گئی بہت سا مال ابھی باقی پڑا ہے۔"

چنو منو حامد کو ساتھ لے کر اسکول کی طرف لوٹ گئے۔ اس دن کے بعد سے منو نے امی سے زیادہ پیسوں کی ضد نہیں کی۔ جب بھی اس کے دل میں ایسا خیال آتا قلفی والے چاچا کی باتیں اسے یاد آ جاتیں اور اسے یوں لگتا جیسے زیادہ پیسے نہ مانگ کر وہ ابا اور امی کے کاموں میں ان کا ہاتھ بٹا رہا ہے!□

Rahim Raza Bayewal Distt Jalgaon - 425301 Maha.

تنویر اختر رومانی

جھوٹ کا سچ

ایک تھا راجا۔ بہت رحم دل اور انصاف پسند۔ وہ عالموں اور عقل مندوں کی بہت عزت کرتا تھا۔ اس کے دربار میں اسے ہی جگہ ملتی جو اپنی عقل مندی کا ثبوت دیتا تھا۔

ایک دن راج دربار میں ایک اجنبی حاضر ہوا۔ اس نے بتایا کہ وہ بہت دور سے آیا ہے اور راجا کے دربار میں وزیر بن کر ملک وقوم کی خدمت کرنا چاہتا ہے۔ راجا نے کہا۔ ”لیکن تم میں کیا خوبی ہے جو تمھیں وزیروں میں شامل کیا جائے؟“

اجنبی نے کہا۔ ”مہاراج، میرا نام جھوٹ مل ہے۔ میں ایسا جھوٹ بول سکتا ہوں کہ اسے کوئی سچ ثابت نہیں کر سکتا۔“

”اچھا؟“ راجا نے حیرت سے کہا۔ پھر راجا نے اس کا امتحان لینے کی غرض سے کہا۔ ”ٹھیک ہے، اگر تم کوئی ایسا جھوٹ بولو جس کو ہمارے درباری سچ ثابت نہ کر سکے تو ہم تمھیں وزیر بنا لیں گے۔“

”ٹھیک ہے مہاراج!“ جھوٹ مل نے کہا۔ پھر کچھ سوچ کر بولا۔ ”مہاراج! میں نے ایک دن دیکھا کہ بیس گدھوں کا ایک قافلہ جا رہا تھا۔ اچانک بارش ہونے لگی اور سبھی گدھے جل کر مر گئے۔“

راجا چونک کر جھوٹ مل کی طرف دیکھنے لگا۔ بھلا بارش سے جل کر کوئی کیسے مر سکتا ہے۔ آگ لگنے پر اسے پانی سے ہی بجھایا جاتا ہے لیکن یہاں تو سبھی گدھے پانی سے ہی جل کر مر گئے۔ واقعی اتنا بڑا جھوٹ کبھی نہ سنا تھا۔ راجا نے اپنے درباریوں کی طرف اس طرح دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو ”کوئی ایسا ہے جو اس جھوٹ کو سچ ثابت کر دے۔“

لیکن سبھی وزیروں کے منہ لٹکے ہوئے تھے۔ راجا نے وعدے کے مطابق جھوٹ مل کو بھی اپنے وزیروں میں شامل کر لیا۔

کچھ دنوں کے بعد اس کی خواہش ہوئی کہ جھوٹ مل سے کوئی اور جھوٹ سنا جائے۔ اس لیے اس نے بھرے دربار میں اس سے کہا۔ "جھوٹ مل، آج تم کوئی اور جھوٹ سناؤ۔"

جھوٹ مل نے کہا۔ "مہاراج، کچھ دنوں پہلے میں نے جنگل میں ایک شکاری کو دیکھا، جس نے ایک ہرن پر ایک تیر چلایا۔ اس تیر سے ہرن کی ایک ٹانگ اور ایک کان گھائل ہو گئے۔"

"بھلا یہ کیسے ممکن ہے؟" راجا نے حیرانی سے کہا۔ "ایک تیر سے ہرن کو دو جگہ کیسے چوٹ لگے گی؟ ایک تیر سے تو ایک ہی جگہ چوٹ لگنا ممکن ہے۔"

"مہاراج، آپ شاید بھول رہے ہیں... میں آپ کے حکم پر جھوٹ بول رہا ہوں۔"

"اچھا... اچھا!" راجا کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ "اچھا کوئی اور جھوٹ سناؤ۔"

"مہاراج، کل میں نے آسمان میں ایک ایسا پرندہ اڑتا ہوا دیکھا جس کے سر پر دو پیر تھے۔"

راجا نے حیرت سے درباریوں کی طرف دیکھا۔ لیکن اس جھوٹ کو بھی کوئی سچ ثابت نہیں کر سکا۔

بہت دنوں کے بعد ایک اور اجنبی راجا کے دربار میں نوکری کے مقصد سے پہنچا۔ راجا نے اس کی بھی خوبیوں کے بارے میں پوچھا۔ اس نے بتایا۔ "میرا نام سچ سین ہے۔ میں بڑے سے بڑے جھوٹ کو سچ بنا دیتا ہوں۔"

"واہ!" راجا کی خوشی کا ٹھکانہ نہیں رہا۔

اس کے دربار میں ایسے ہی آدمی کی کمی تھی۔ راجا نے سوچا بڑے کام کا آدمی آیا ہے۔ لیکن بغیر امتحان کے اس آدمی کی سچائی کا پتہ کیسے چلتا؟ اس لیے راجا نے جھوٹ مل کے پہلے جھوٹ کو بتا کر سچ ثابت کرنے کو کہا۔

سچ سین نے فوراً کہا۔ "یہ کون سی مشکل بات ہے مہاراج! ان گدھوں پر بوریوں میں کچا چونا لدا ہوا تھا۔ پانی پڑتے ہی چونا کھدکھدا

گیا۔ اس لیے گدھے جل کر مر گئے۔"

"واہ... واہ!... بہت خوب!" راجا اور سارے درباری اس کی تعریف کرنے لگے۔

پھر راجا نے دوسرے جھوٹ کے بارے میں بتا کر پوچھا۔ "اس کے بارے میں کیا کہتے ہو؟"

"یہ بھی سچ بات ہے مہاراج، دراصل وہ ہرن اپنی پچھلی ٹانگ سے اپنا کان کھجا رہا تھا۔" سچ سین نے دوسرے جھوٹ کو بھی سچ بنا دیا۔

"اچھا، یہ بتاؤ کیا تم نے ایسا پرندہ دیکھا ہے جس کے سر پر دو پیر ہوتے ہیں۔"

"جی ہاں مہاراج! سبھی پرندوں کے سر اور پَر یعنی پنکھ اور دو پیر ہوتے ہیں۔"

"ہاں ہاں... واقعی یہ تو سامنے کی بات ہے۔" راجا اور سارے درباری بول اٹھے۔

راجا سچ سین کے جواب سے اتنا خوش ہوا کہ اٹھ کر اس کو گلے سے لگا لیا اور اسے بھی وزیروں میں شامل کر لیا۔ □

Tanveer Akhtar Roomani
Place and PO Azadnagar, Jamshedpur - 831012 Jharkhand

اشفاق انجم

جاپانی سنگ تراش

جاپانی کہانی کا اردو سے ترجمہ

ایک غریب جاپانی سنگ تراش روزانہ پہاڑ سے پتھر توڑتا لیکن اتنی سخت محنت و مشقت کے باوجود اسے معمولی سی اجرت ملتی۔ وہ اپنے سخت تھکا دینے والے کام سے خوش نہیں تھا۔

ایک دن اس نے بڑی ہی عاجزی سے کہا: "پروردگار! کیا ہی اچھا ہو کہ تو مجھے بھی دولت مند بنا دے، تاکہ میں بھی ایک خوبصورت بنگلے میں عیش و آرام کی زندگی گزار سکوں!"

اچانک آسمان سے ایک فرشتہ اترا اور بولا: "تیری دعا قبول ہوئی!"

جلد ہی سنگ تراش دولت مند ہو گیا اور ایک خوب صورت سے بنگلے میں عیش و آرام کی زندگی گزارنے لگا۔

ایک دن ملک کے بادشاہ کی سواری اس کے بنگلے کے سامنے سے گزری۔ وہ چاندی کی پالکی پر سوار تھا اس کے سر پر سنہری چتر تھا جس کے ریشمی پردے دھوپ سے اس کی حفاظت کر رہے تھے، اس کے آگے پیچھے گھڑ سواروں اور شاہی ملازمین کی فوج چل رہی تھی جن کے زرق برق لباسوں کی چمک آنکھوں کو خیرہ کر رہی تھی۔

ایسے شاہدار شاہی جلوس کو دیکھ کر اس کے دل میں بھی ایسی ہی شان و شوکت کی خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے ایک آہ بھری اور کہا: "کاش میں بادشاہ ہوتا!"

فرشتہ دوبارہ زمین پر اترا اور بولا: "تیری خواہش پوری ہوئی!"

سنگ تراش بادشاہ بن گیا۔ اس کے جلوس میں بھی آگے

پیچھے سپاہیوں اور ملازمین کی فوج قطار باندھے چلتی، اس کے سر پر بھی سنہرا ریشمی چتر دھوپ سے اس کی حفاظت کرتا۔

گرمی کا موسم آگیا، زمین سورج کی تپش سے جلنے لگی، باغوں میں پھول، پتے، سبزے جل گئے یہ دیکھ کر وہ افسردہ ہوگیا۔ گرمی کی شدت سے اس کا بھی برا حال تھا، اس نے حسرت سے آہ بھری "اے کاش! میں سورج ہوجاؤں!"

فرشتہ آسمان سے اترا اور بولا: "سورج ہوجا!"

وہ سورج ہوگیا اور اوپر نیچے، دائیں بائیں ہر طرف آگ برسانے لگا۔ اس کی گرم گرم کرنوں نے ہرے بھرے باغوں اور سبزہ زاروں کو جلادیا، انسانوں کے بدن پگھلنے لگے، چرند پرند پیاس سے بے حال ہوگئے۔

اچانک ایک بادل کا ٹکڑا اس کے اور زمین کے درمیان آگیا اور اس کی کرنوں کے جلتے ہوئے تیروں کو زمین تک پہنچنے سے روک دیا۔ اسے بڑا غصہ آیا کہ یہ ننھا سا ابر کا ٹکڑا مجھ سے زیادہ طاقت ور کیسے ہوگیا؟" اس نے بے حد اداسی کے عالم میں آہ بھری اور کہا: "اے کاش! میں ابر ہوتا!"

فرشتہ پھر آسمان سے آیا اور بولا: "جیسا چاہتا ہے ہوجا!"

جب وہ بادل بن گیا تو اترا تا ہوا زمین اور سورج کے درمیان اڑنے لگا اور اس نے سورج کی کرنوں کے جلتے تیروں کو اپنی خنکی سے ٹھنڈا کردیا۔

اچانک ٹھنڈی ٹھنڈی مست ہوائیں چلنے لگیں اور وہ بارش کے قطروں میں تبدیل ہوکر زمین پر برسنے لگا۔ باغ بغیچے دوبارہ سرسبز و شاداب ہوگئے۔ دریاؤں میں زبردست سیلاب آگیا۔ کھیتیاں تباہ اور فصلیں خراب ہوگئیں۔ لیکن ایک چٹان تھی جو سیلاب کی موجوں کے زبردست تھپیڑے کھانے کے باوجود سینہ تانے کھڑی تھی اس میں ذرا سی بھی جنبش نہیں ہوئی۔

وہ پھر غصے میں آگیا اور سوچنے لگا کیا وہ اس معمولی سی چٹان سے بھی کمزور ہے!؟

اس نے ناراض ہوکر فریاد کی: "یہ چٹان تو قوت میں مجھ سے بھی بڑھ کر ہے! میں چٹان بننا چاہتا ہوں!"

فرشتہ نے اس بار بھی حاضر ہوکر کہا: "جو چاہتا ہے ہوجا!"

وہ ایک مضبوط چٹان میں تبدیل ہوگیا۔ آندھی، طوفان، سورج، سیلاب سبھی کے مقابلے میں ڈٹ کر کھڑا رہتا۔ ایک دن ایک غریب مزدور اپنے اوزاروں کے ساتھ وہاں آدھمکا اور اس پر پل پڑا یہاں تک کہ اس کے جسم سے کئی ٹکڑے الگ کردیے۔ اسے پھر غصہ آگیا کہ یہ کون ہے جو مجھ سے بھی زیادہ طاقت ور ہے!؟

وہ مایوس اور اداس ہوگیا اور ایک سرد آہ بھر کر کہنے لگا:

"کاش! میں بھی اس کی طرح ہوتا!"

فرشتہ پھر آیا اور بولا: "اس کی طرح ہوجا!"

وہ ایک بار پھر سنگ تراش ہوگیا۔

اگرچہ پتھر توڑنا بڑا مشکل کام تھا۔

سنگ تراش اب بھی بہت تکلیفیں سہتا تھا۔

لیکن خوش رہتا تھا۔ ☐

Dr Aahfaque Anjum 881/10, Nayapura, Malegaon - [illegible]

ترجمہ: ثانیہ خاتون



سچ یا جھوٹ

راجا کرشن دیورائے کے درباری تینالی رام سے بہت جلتے تھے۔ وہ ہر وقت انھیں کسی نہ کسی مشکل میں ڈالنے کی کوشش کرتے رہتے تھے۔ راجا کرشن دیورائے کا مسئلہ یہ تھا کہ سب کچھ جانتے ہوئے بھی وہ درباریوں کے بہکاوے میں آجاتے تھے۔

ایک دن درباریوں نے راجا سے کہا۔ ”مہاراج، آپ نے تینالی رام کو بہت چھوٹ دے رکھی ہے۔ وہ خود کو دربار کا سب سے ہوشیار شخص سمجھتا ہے...آپ سے بھی زیادہ۔“

راجا نے کہا۔ ”اچھا، اگر ایسا ہے تو بلاؤ تینالی رام کو۔“

تینالی رام کو راجا کے سامنے حاضر دیکھ کر ان کی مخالفت کرنے والے درباری خوشی سے پھولے نہیں سما رہے تھے۔ وہ سوچ رہے تھے اب پتا چلے گا اونٹ کو۔

راجا نے کہا۔ ”تینالی رام، تم خود کو بہت ہوشیار سمجھتے ہو نا۔ آج ہم تمھارا امتحان لیں گے۔“

تینالی رام بولے۔ ”جی حضور، جیسا آپ چاہیں۔“

راجا نے کہا۔ ”امتحان بہت آسان ہے۔ تم ایک ہی جملہ بول سکتے ہو۔ اگر وہ سچ ہوا تو تمھارا سر تلوار سے قلم کر دیا جائے گا۔ اور اگر تم نے جھوٹ کہا تو تمھیں پھانسی کی سزا دی جائے گی۔“

اب تو درباری بھی الجھن میں پڑ گئے۔ جو تینالی رام کو پسند کرتے تھے، وہ فکر مند تھے۔ انھیں لگا کہ اب تینالی رام کا بچنا مشکل ہے۔ تینالی رام سوچ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ انھوں نے کچھ دیر کا وقت راجا سے مانگا۔ سارے دربار میں خاموشی چھائی تھی۔ تھوڑی دیر بعد تینالی رام نے اپنا جملہ کہا۔ ”مہاراج، آپ مجھے پھانسی دینے والے ہیں۔“

یہ جملہ سننا تھا کہ وزیر اعظم، جو تینالی رام کو بے حد پسند کرتے

تھے، خوشی سے اچھل پڑے۔ بولے۔ ”مہاراج، آپ پھنس گئے۔ تینالی رام نے کہا کہ آپ انھیں پھانسی دینے والے ہیں۔ اگر آپ نے کہا کہ یہ جھوٹ ہے تو تینالی رام کو پھانسی دینی ہوگی۔ اگر ایسا کیا تو ان کی بات سچی ہوگی اور آپ کو ان کا سر تلوار سے کاٹنا ہوگا۔ اب سر پہلے کاٹنا ہے یا پھانسی پہلے دینی ہے، یہ کیسے طے ہوگا۔“

راجا کرشن دیورائے چکرا گئے۔ وہ تینالی رام کی چالاکی کے ایک بار پھر قائل ہوگئے۔ انھوں نے تینالی رام کو خوب شاباشی دی۔

بھٹکتی روح

ایک بار کسی بات سے ناراض ہوکر راجا کرشن دیورائے نے تینالی رام کو موت کی سزا دے دی اور سپاہیوں سے کہا کہ انھیں فوراً پھانسی پر لٹکا دیا جائے۔ یہ بات پورے شہر میں پھیل گئی۔ لوگوں کو ان کی موت کا بے حد افسوس ہوا۔ کچھ کمزور عقیدے کے لوگوں نے یہ بھی مشہور کر دیا کہ برہمن کی آتما بھٹکتی رہتی ہے اور چونکہ تینالی رام برہمن ہیں اس لیے ان کی آتما بھی بھوت بن کر بھٹکتی پھر رہی ہے۔

لیکن حقیقت کچھ اور تھی۔ تینالی رام دراصل زندہ تھے اور گھر میں چھپے ہوئے تھے۔ اُدھر آتما کے بھٹکنے والی باتوں پر یقین کر کے راجا نے پنڈتوں کو پوجا کرنے کا حکم دے دیا تاکہ تینالی رام کی آتما کو سکون ملے۔ پوجا برگد کے اس پیڑ کے نیچے کی جاتی تھی، جہاں مجرموں کو سزائے موت دی جاتی تھی۔ یہ خبر تینالی رام تک پہنچ گئی۔ وہ بھوت کا بھیس بنا کر برگد کے پیڑ پر جا بیٹھے۔ رات میں پنڈتوں نے پوجا شروع کی۔ وہ جلدی جلدی منتر پڑھ کر گھر جانا چاہتے تھے۔ منتر پڑھ کر انھوں نے ان کی روح کو پکارا۔ ”اے تینالی رام کی بھٹکتی آتما!“

انھیں جواب ملا۔ ”آئی۔“

یہ سن کر پنڈتوں کی سٹی پٹی گم ہوگئی۔ انھیں اس بات کی بالکل امید نہیں تھی۔ دراصل وہ لوگ تو راجا سے کچھ پیسے اینٹھنا چاہتے تھے۔

جیسے ہی تینالی رام پیڑ سے کودے سارے پنڈت ان کی بھیانک صورت دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ راجا نے جب سنا تو کہا۔ ”جو اس آتما سے نجات دلائے گا اسے ایک ہزار سونے کی اشرفیاں دی جائیں گی۔“

اعلان کے تین دن بعد ایک بوڑھا سادھو دربار میں آیا۔ اس نے کہا۔ ”مہاراج، میں آتما سے نجات دلا سکتا ہوں لیکن آپ کو مجھے منھ مانگی چیز دینی ہوگی۔“

راجا نے کہا۔ ”ٹھیک ہے... نجات دلائیے۔“

سادھو بولا۔ ”میری ترکیب یہ ہے کہ اگر برہمن کو زندہ کر دیا جائے تو اس کی آتما بھٹکنا چھوڑ دے گی۔“

راجا نے پوچھا۔ ”تو کیا آپ تینالی رام کو زندہ کر سکتے ہیں؟“

سادھو نے کہا۔ ”بالکل کر سکتا ہوں، بس آپ کو اپنا وعدہ یاد رکھنا ہوگا۔“

”ایسا ہو سکے تو اور کیا چاہیے۔“ راجا نے کہا۔

”تو مہاراج پھر دیکھیے میرا چمتکار۔“ یہ کہہ کر سادھو نے نقلی داڑھی اور مونچھ اتار دی۔ تینالی رام راجا کے سامنے کھڑے تھے۔

تینالی رام نے کہا۔ ”مہاراج، آپ نے مجھے مانگی چیز دینے کا وعدہ کیا ہے۔ آپ ان سپاہیوں کو معاف کر دیجیے جنھیں آپ نے مجھے مارنے کے لیے بھیجا تھا، مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا۔“

”ٹھیک ہے سپاہیوں کو معاف کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی اپنی بھٹکتی آتما سے نجات دلانے پر تمھیں ایک ہزار سونے کی اشرفیوں کی تھیلی بھی دی جاتی ہے۔“ یہ کہہ کر راجا نے زوردار قہقہہ لگایا جس پر سارا دربار قہقہوں سے گونج اٹھا۔ ■

Mrs. Rehana Khatoon 59, Chuna Shah Colony, P O. Azadnagar, Mango, Jamshedpur-831012.

محمد کاشف غلام ربانی

ڈیڈی جی اک ڈبہ لائے

ڈیڈی جی ایک ڈبہ لائے
دیکھ کے سب بچے چکرائے

میں نے بھی ڈیڈی سے پوچھا
ڈیڈی بتلاؤ یہ ہے کیا
وہ بولے یہ ہے کمپیوٹر
علم کا ہے یہ ایک سمندر

نئے دور کی شان یہی ہے
سانس یہی ہے جان یہی ہے
ساری دنیا اس کے اندر
پوری دنیا اس کے اندر

کھیلوں کی بھی بات ہیں اس میں
کام کی معلومات ہے اس میں
اس کے زیادہ پاس نہ رہنا
ڈیڈی کا ہے یہ بھی کہنا

اس کے ہیں کچھ برے اثر بھی
ہوتی ہے کمزور نظر بھی
انسانوں کی نیند اڑائے
بستر پہ کروٹیں دلائے
اس کا پورا فیض اٹھانا
نقصانات سے دور ہی جانا

Model Textile Western Thailand Allow Check Dell Acid Pink 5351 Chub-4310m Mail

مشتاق اعظمی

نصیرالدین حجہ کی باتیں

بچو اس مزے دار مضمون میں جن شگفتہ مزاج صوفی قلندر اور ہنسوڑ بزرگ نصیرالدین حجہ کا ذکر پروفیسر مشتاق اعظمی نے کیا ہے وہ دراصل ہم اردو والوں کے وہی ملا نصرالدین ہیں جنھیں ترکی میں نصرالدین خوجہ، فارسی میں خواجہ نصرالدین، عربی میں نصرالدین جحا، ازبکستان میں نوصری دین خوجہ/حوجا، بوسنیا میں نصرالدین حوضہ، البانیا میں نستراوین حوشا/نستراوینی اور رومانیہ میں نستراتین ہوجیا کہتے ہیں۔ مگر خیر نام جو بھی ہو ان سے منسوب ہزاروں واقعات، لطیفے اور مزے دار قصے پورے وسط ایشیا میں لوگوں کو زبانی یاد ہیں۔ ملا نصرالدین کی باتوں میں سمجھ داری کے جو نکتے چھپے ہوتے ہیں وہ دلوں پر گہرا اثر کرنے کے ساتھ ہنس کھ ہنسنے کی سیکھ بھی دیتے ہیں۔ اعزازی مدیر

جو لوگ شگفتہ مزاج ہیں وہ اپنی محفلوں میں لطیفوں کو خاص اہمیت دیتے ہیں۔ شیخ چلی، لال بجھکڑ، ملا دوپیازہ اور بیربل ایسے کردار ہیں جو مزاح اور ظرافت کی مجلسوں میں بلا روک ٹوک پہنچا کرتے ہیں۔ ان کی بدحواسیاں قیاس آرائیاں، حماقتیں اور ذہانتیں آج سے نہیں بلکہ صدیوں سے لوگوں کو ہنسنے ہنسانے کا موقع دے رہی ہیں۔ اس وقت میں آپ کو ملک ترکستان کے نصیرالدین حجہ نامی ایک ایسے شخص سے

ملانا چاہتا ہوں جو اپنے مزاج اور اپنی خصلتوں کے اعتبار سے ہمارے ملک کے ان کرداروں سے جن کا اوپر ذکر ہو چکا ہے، کافی حد تک مشابہت رکھتا ہے۔

نصیر الدین خجہ کی پیدائش 1208 میں اور وفات 1284 میں بتائی جاتی ہے۔ ترکی میں خجہ کے مدرسہ کے دنوں کی یہ روایت عام ہے کہ ان کے استاد نے ایک بھیڑ پال رکھی تھی جو انہیں بہت عزیز تھی۔ ایک دن مدرسہ کے دو شریر طالب علموں نے موقع پا کر اس بھیڑ کو ذبح کر ڈالا اور پکا کر چٹ کر گئے۔ اس واقعہ سے استاد کو شدید رنج پہنچا۔ انہوں نے جلد ہی ان طالب علموں کے نام معلوم کر لیے جنہوں نے یہ غلط حرکت کی تھی۔ ان لڑکوں میں سے ایک نے بھیڑ کو ذبح کیا تھا اور دوسرے نے اسے پکایا تھا۔ استاد نے پوچھا "کیا نصیر الدین خجہ بھی اس میں شریک تھا؟"

لڑکوں نے جواب دیا "تھا تو سہی۔ لیکن اسی حد تک کہ وہ یہ منظر دیکھتا رہا اور ہنستا رہا۔"

اب استاد نے دکھے دل سے بد دعا دی کہ "جس نے اس بھیڑ کو ذبح کیا وہ بھی خود ذبح کیا جائے گا۔ جس نے اسے بھونا اور پکایا کسی دن اسے بھی کوئی بھون ڈالے گا اور جو اس دردناک منظر پر ہنستا رہا اس پر ساری دنیا ہنسے گی اور قہقہے لگائے گی۔"

کہتے ہیں کہ استاد کی یہ پیشین گوئی سچ ثابت ہوئی۔ کچھ ہی مدت کے بعد دونوں طالب علم شدید تباہی اور بربادی سے دوچار ہوئے البتہ نصیر الدین خجہ پر اس پیشین گوئی کا اثر کچھ مختلف ڈھنگ سے ہوا۔ بجائے اس کے کہ دنیا والے اس پر ہنستے وہ اپنے ساتھ دنیا کے لوگوں کو ہنسا رہا ہے، گدگدا رہا ہے اور انہیں اپنے غموں کا بوجھ اٹھانے کے قابل بنا رہا ہے۔ اس تمہید کے بعد اب آپ خجہ کے لطیفے پڑھیے۔

سورج سے چاند بڑا

نصیر الدین خجہ سے کسی نے پوچھا "سورج اور چاند میں ہمارے لیے کون سا زیادہ کارآمد ہے؟"

"بلاشبہ چاند!" خجہ نے جواب دیا۔ سورج تو دن کے وقت نکلتا ہے، لیکن چاند رات میں نکلتا ہے جب تاریکی کے سبب ہمیں روشنی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔"

یہ بھی صحیح ہے

نصیر الدین خجہ کو ایک مقدمے کا ثالث مقرر کیا گیا۔ خجہ نے پہلے فریق کا بیان سنا اور کہا "یہ صحیح ہے۔" اس کے بعد دوسرے شخص کا بیان سنا اور کہا "یہ بھی درست ہے۔" حاضرین میں سے ایک شخص سے نہ رہا گیا اور اس نے آہستہ سے پوچھا "خجہ یہ کیوں کر ہو سکتا ہے۔ دونوں کا بیان صحیح اور درست ہونا غیر ممکن بات ہے۔"

نصیر الدین خجہ نے اطمینان سے جواب دیا "یہ بھی صحیح ہے۔"

گھوڑے کی دم

ایک شخص اپنے گھوڑے کی لمبی دم تراش کر چھوٹی کرنا چاہتا تھا۔ اس نے نصیر الدین خجہ سے مشورتاً پوچھا کہ "دم کے بالوں کو کس قدر تراشنا مناسب رہے گا۔"

خجہ نے جواب دیا "تم کتنا بھی تراش دو دیکھنے والوں کا اعتراض بہر حال قائم رہے گا، کچھ لوگ کہیں گے کہ دم زیادہ چھوٹی ہو گئی ہے جب کہ بعض لوگ یہ بتائیں گے کہ تم نے دم کم تراشی ہے۔"

صراحی ٹوٹنے سے پہلے

نصیر الدین نے اپنے بیٹے کو صراحی دے کر جھرنے سے پانی لانے کو کہا اور تاکید کی کہ صراحی نہ ٹوٹنے پائے۔ اس کے ساتھ ہی ایک

بھرپور تھپڑ اس کے گال پر جڑ دیا۔ ایک شخص جو پاس ہی کھڑا تھا، تعجب سے بولا: "نجو! تمہارے بچے نے صراحی تو بھی توڑی نہیں پھر اسے تھپڑ رسید کرنے کی وجہ؟"

"تمہارا کہنا سچ۔ لیکن صراحی ٹوٹنے کے بعد اسے مارنے سے کیا فائدہ ہوتا؟" نجو نے جواب دیا۔

پرانا مردہ

نصیرالدین نجو نے ایک بار اپنے دوستوں سے کہا "جب میں مرجاؤں تو مجھے کسی پرانی قبر میں دفن کر دینا۔"

نجو کے دوست سوالیہ نگاہوں سے اس کا منہ تکنے لگے تو اس نے اپنی بات کی یوں تشریح کی "تاکہ حساب لینے والے فرشتے اول تو میری قبر کی طرف توجہ ہی نہ دیں اور بالفرض وہ آ بھی جائیں تو میں کہہ دوں گا کہ میں ایک پرانا مردہ ہوں اور اپنا حساب دے چکا ہوں۔"

بیٹھ جائیں

ایک شخص کو کسی محفل میں پہلی بار تقریر کرنے کے لیے کھڑا کیا گیا۔ مجمع کا رعب اس پر اس طرح چھا گیا کہ وہ خاموش کھڑا رہا۔ بڑی مشکل سے اس نے کانپتی ہوئی آواز میں صرف اتنا کہا "دیکھیے میری سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ میں کیا بولوں۔"

"کیا یہ بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ بیٹھ جائیں؟" مجمع میں موجود نصیرالدین نجو نے فوراً جملہ چست کیا۔

بلی کہاں ہے؟

ایک صبح نصیرالدین نجو نے اپنی بیوی کو تین سیر گوشت کا ایک ٹکڑا دے کر دیا اور ہدایت کی کہ وہ اسے رات کے کھانے کے لیے تیار کرے۔ اس کے بعد وہ رات میں آنے کا وعدہ کر کے کہیں چلا گیا۔ اتفاقاً اسی دن دوپہر میں بیوی کی کچھ سہیلیاں آگئیں اور ان کی ضیافت کرنے میں سارا گوشت ختم ہوگیا۔ رات میں نجو گھر لوٹا تو اسے شدید بھوک لگی ہوئی تھی۔ اس نے بیوی سے پوچھا "گوشت تیار ہوگیا۔" بیوی نے ڈر سے جھوٹ بولا "برا ہو کم بخت بلی کا وہ سارا گوشت کھا گئی۔" نجو غصے کی حالت میں بلی کو پکڑ لایا اور اسے ترازو پر تولا تو وہ بھی پورے تین سیر نکلی۔ نجو کا غصہ اور بھی تیز ہوگیا اور اس نے بیوی سے سوال کیا:

"اگر یہ بلی ہے تو گوشت کہاں ہے اور اگر یہ گوشت ہے تو بلی کہاں گئی؟"

حمام کی اجرت

نصیرالدین نجو کا گزر ایک بار کسی نئے قصبے میں ہوا جہاں کے لوگ اس سے ناواقف تھے۔ وہ معمولی کپڑے پہنے ہوئے ایک حمام خانے میں نہانے کے لیے گیا۔ حمام کے ملازموں نے نجو پر کوئی خاص توجہ نہ دی اور نہانے کے لیے اسے پھٹا ہوا پرانا تولیہ اور معمولی صابن کا ایک ٹکڑا دیا۔ نجو نے غسل سے فارغ ہوکر ملازموں کو بخشش کے طور پر سونے کا ایک ایک قیمتی سکہ دیا۔ دوسری دفعہ وہ پھر اسی حمام میں نہانے کے لیے پہنچا۔ اس بار بھی وہ معمولی ہی کپڑوں میں تھا لیکن حمام کے ملازموں نے اس بار اس پر خاص توجہ دی۔ وہ بڑی خوش اخلاقی سے پیش آئے۔ غسل کرنے کے لیے نیا اور صاف تولیہ اور عمدہ خوشبودار صابن دیا لیکن نجو نے غسل سے فراغت پانے کے بعد ملازمین کو تانبے کے انہی معمولی سکے دیے اور ان کے خاموش احتجاج کے جواب میں کہا "پچھلی دفعہ جو سکے دیے گئے تھے وہ تمھارے آج کے سلوک کا معاوضہ تھا اور ابھی جو سکے تمھیں ملے ہیں وہ تمھارے پچھلے برتاؤ کی اجرت ہے۔" □

نجو سے متعلق معلومات مفارت خانہ ترکی کے کتابچے سے لی گئی ہے

Prof Mustaque Azmi
25, G.C. Mitra Road, Asansol 713301 West Bangal



ایک طالبِ فلم کی دعا

روح اقبال سے معذرت کے ساتھ

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی اسٹنٹ کی صورت ہو خدایا میری

دور میک اپ سے یہ چہرے کا اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے پہنچنے سے اجالا ہو جائے

فلم میں ایسی ہو میرے بدن کی زینت
جس طرح سیف سے ہے فلمی جگت کی زینت

امتحاں میں مجھے ملتا ہے اگرچہ زیرو
میں نے سمجھا ہے مگر خود کو ہمیشہ ہیرو

فلم کی شمع پہ میں چھوٹا سا پروانہ ہوں
ڈانٹ کر کہتے ہیں پاپا مجھے دیوانہ ہوں

ہو مرا کام ستاروں کی ہی خدمت کرنا
جتنی ہیروئنیں ہیں سب سے محبت کرنا

میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
ایکٹنگ کی ہی فقط راہ پہ چلانا مجھ کو

کیریئر ہو مرا سلمان کی صورت یارب
کیٹرینا بھی کرے مجھ سے محبت یارب

اسپاٹ رائٹر کا سب سے مشہور فلمی رسالہ بنا مشیع دہلی

Asad Raza 97 Sector-7, DDA Flats, Jasola, New Delhi-110025

راحت روش

چیونٹیاں ہی چیونٹیاں!

"ممی دیکھو دیکھو میرے بستر پر کتنی ساری چیونٹیاں... یہ مجھے کھا جائیں گی۔" پپو نے اپنے بستر پر ایک ساتھ اتنی چیونٹیوں کو چلتے دیکھا تو چلایا اور دوڑ کر اپنی ممی سے چپٹ گیا۔

اس طرح چیونٹیوں کا ہم میں سے ہر ایک کا کبھی نہ کبھی واسطہ پڑا ہوگا۔ ایک دفعہ میرا بھی ایک چیونٹی سے سابقہ پڑ گیا۔ ہوا یوں کہ میں اپنا ہوم ورک کر رہا تھا، میری نظر دیوار پر پڑی تو دیکھا چیونٹیوں کی ایک لمبی قطار تیز رفتار سے چلی جا رہی ہے۔ ہر چیونٹی پر جلدی سوار تھی۔ اتنے میں ایک چیونٹی راستہ بھول کر میری کاپی پر چڑھ آئی جس پر میں سائنس کا ایکسپریمنٹ لکھ رہا تھا۔ مجھے لگا وہ بھی کچھ پڑھنے کی کوشش کر رہی ہے۔ میں نے اپنی نگاہیں اور کان اُس چیونٹی کی طرف لگا دیے۔ وہ بار بار کاپی کا چکر لگاتی اور ایک جگہ آ کر رُک جاتی۔ مجھے اس کی اس طرح کی حرکت پر ہنسی آ گئی۔ ایسا لگا میری یہ ہنسی اُس کو ناگوار گزری اور وہ تیزی سے میری کاپی سے اتر کر جانے لگی۔ میں نے اُس کا پیچھا جاری رکھا۔ ایک مرتبہ وہ چیونٹی پیچھے مڑی ایسا لگا مجھ سے کچھ کہہ رہی ہو۔ پھر سیدھی چل پڑی میں بھی اُس کے پیچھے ہو لیا۔ مجھے اس طرح پیچھے چلتا دیکھ کر وہ پھر مڑی مجھے پھر ایسا لگا جیسے وہ مجھ سے کچھ کہہ رہی ہو۔ آخر میں مجھے شرارت سوجھی اور میں نے اس کا راستہ روک لیا۔



اس نے منہ اُٹھا کر دیکھا پھر چلنے کے لیے مڑی۔ اب میں نے دوسری طرف سے اس کا راستہ روک لیا۔ پھر اس نے مجھے گھور کر دیکھا۔ مجھے ایسا لگا جیسے اس نے مجھ سے کہا ہو: "کیا بات ہے تم کیا چاہتے ہو؟"

"میں تم سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں۔" میں ہمت کر کے بولا۔

"پوچھو کیا پوچھنا چاہتے ہو؟"

"یہ تم ایک لمبی سیدھی قطار میں کس طرح چل لیتی ہو؟"

"ہم راستہ میں ایک دوسرے کی بو سے اپنا راستہ پہچانتی ہیں۔"

"تمہاری عمر کتنی ہوتی ہے؟"

"ہماری اوسط عمر 40 سے 60 دن ہوتی ہے۔"

"تم کتنا تیز چل لیتی ہو؟"

"یوں سمجھو اگر ہم انسان کے سائز کی ہوتیں تو ہم ریس کورس کے گھوڑے کی رفتار سے دوڑ سکتیں۔"

"تم اتنی تیز رفتار کیسے حاصل کر لیتی ہو؟"

"ہماری چھ ٹانگیں ہوتی ہیں جن سے ہم اتنا تیز دوڑ لیتی ہیں۔"

"میں نے کبھی کبھی تم میں سے کچھ کو ان کے وجود سے بھی زیادہ بڑی چیزیں لے جاتے ہوئے دیکھا ہے، آخر تم کتنا وزن اٹھا سکتی ہو؟"

"ہم اپنے وزن سے بیس گنا زیادہ وزن اٹھا سکتی ہیں اور اپنے بھاری بھرکم شکار کو لمبا فاصلہ بغیر رُکے طے کر کے اپنے گھر میں لے جاتی ہیں۔ اگر میں تم جیسی ہوتی اور مجھ اتنی ہی طاقت ملتی جتنی اب ہے تو میں تم جیسے بیس آدمیوں کو سر پر اٹھا دوڑ سکتی تھی!"

کیا تم دیکھ بھی سکتی ہو؟"

"ہاں کیوں نہیں ہماری بھی دو آنکھیں ہوتی ہیں۔ اور ہماری ہر آنکھ کئی چھوٹی آنکھوں سے مل کر بنتی ہے۔"

"میں نے سنا ہے تمہارا گھر بہت سلیقہ کا ہوتا ہے کیا تم سچ مچ اتنی عقل مند ہو؟"

"نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔ ہمارے دماغ میں 2,50,000 (ڈھائی لاکھ) سیل ہوتے ہیں۔ انسان کے دماغ میں دس ہزار ملین یعنی دس ارب سیل ہوتے ہیں۔ یوں سمجھو کہ ہماری پوری کالونی مل کر ایک انسانی دماغ کے برابر دماغ

رکھتی ہے۔"

"تمھاری کالونی میں کتنی چیونٹیاں ہوتی ہیں؟"

"جنوبی امریکہ میں چیونٹی کی ایک کالونی میں سات لاکھ تک چیونٹیاں ہوتی ہیں۔"

میں اتنی بڑی تعداد سن کر بے ہوش ہوتے ہوتے بچا۔ تبھی میں کسی نٹ کھٹ چیونٹی نے میرے ہاتھ میں کاٹ لیا اور میرے ہاتھ سے قلم چھوٹ گیا، اور ٹھیک اسی چیونٹی پر جا پڑا کہ جس سے میں انٹرویو لے رہا تھا، اُس نے موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ اس طرح چیونٹی سے میرا یہ انٹرویو ادھورا رہ گیا۔

چیونٹی کی حادثاتی موت کے سبب، انٹرویو کے ادھورے رہ جانے کا مجھے بہت افسوس ہوا۔ چنانچہ میں اس کی تلافی کی فکر میں تھا کہ ایک موقع مجھے جلد ہی ہاتھ آ گیا۔ ایک روز میں ایک تالاب کے کنارے کھڑا مچھلیوں کو تیرتے اور اِدھر سے اُدھر بھاگتے دیکھ رہا تھا کہ اچانک میں نے دیکھا ایک چیونٹی پانی میں گر گئی اور باہر نکلنے کے لیے ہاتھ پیر مار رہی ہے۔ میں نے جھٹ اُسے باہر نکال لیا اور اپنی ہتھیلی پر بٹھا لیا۔ اُس نے تشکر آمیز نظروں سے مجھے دیکھا۔ میں نے کہا کوئی بات نہیں، یہ تو میرا فرض تھا۔ اب میں نے اُسے نیچے زمین پر اتار دیا۔ اُس نے کچھ اس انداز سے چلنا شروع کیا جیسے کہ مجھے بھی اپنے ساتھ چلنے کی دعوت دے رہی ہو۔ میں اُس کا اشارہ سمجھ کر اُس کے پیچھے پیچھے ہولیا۔ چلتے چلتے وہ ایک سوراخ کے آگے رک گئی۔ میں سمجھ گیا یہ اُس کا گھر ہے۔ میں بھی کسی نہ کسی طرح اُس کے پیچھے اُس سوراخ میں داخل ہو گیا۔

جوں ہی ہم اندر داخل ہوئے چیونٹیوں کی ایک فوج ہماری طرف بڑھی۔ وہ خوشی سے جھوم رہی تھیں۔ ان کے درمیان ایک کافی بڑی چیونٹی تھی جو کچھ بھی نہیں کر رہی تھی۔

کچھ نے جلدی سے اُس چیونٹی کو چاٹنا شروع کر دیا۔ معلوم ہوا وہ اُس کی صفائی کر رہی تھیں۔ کچھ دیر بعد بھید کھلا کہ وہ چیونٹی اُن کی رانی تھی۔ اور دیگر چیونٹیاں اُس کی خادم۔ پھر وہ چیونٹی مجھے اپنی کالونی دکھانے لے گئی۔ ایک جگہ کھانے پینے کا اسٹاک تھا۔ ایک جگہ کچن بنا بھی بنا ہوا تھا۔ اور ایک جگہ کچھ پانی رکھا تھا جس سے میں سمجھا یہ اُن کا غسل خانہ تھا۔ پھر ایک کمرہ ذرا آرام دہ تھا۔ معلوم ہوا وہ رانی کے لیے انڈے دینے کی جگہ تھی۔ کچھ کھلی جگہ بھی تھی، جس میں غالباً چیونٹی رانی ہوا خوری کرتی تھی۔ ایک آرام کا کمرہ بھی تھا۔ میں نے دیکھا کہ نوکر چیونٹیاں مختلف کاموں میں لگی ہوئی ہیں۔

جب کچھ اُس ماحول کا عادی ہوا تو میں نے اپنے ذہن میں اُٹھ رہے سوال اپنی میزبان کے سامنے رکھے۔

میں: آپ غالباً یہاں کی رانی ہیں؟... ان پر حکومت کرنے کے علاوہ آپ کا خاص کام کیا ہے؟



چیونٹی رانی: میرا خاص کام انڈے دینا ہے۔

میں: کیا آپ کے علاوہ بھی دوسری چیونٹیاں بھی یہ کام کرتی ہیں؟

چیونٹی رانی: ہاں کیوں نہیں، کچھ کالونی میں ایک سے زیادہ رانیاں بھی ہوتی ہیں۔

میں: آپ کا محل کہاں ہوتا ہے؟

چیونٹی رانی: ہم عام طور پر زمین میں گہرائی اور محفوظ جگہوں پر رہتی ہیں جسے آپ ہمارا گھونسلہ کہہ سکتے ہیں۔

میں: یہاں کی تمام چیونٹیاں کیا آپ کی نوکرانیاں ہیں؟

چیونٹی رانی: مادہ چیونٹیاں نوکرانیوں کا کام کرتی ہیں جب کہ کچھ نر چیونٹیاں بھی ہوتی ہیں۔

میں: میں نے سنا ہے کچھ چیونٹیوں کے پر بھی ہوتے ہیں؟

چیونٹی رانی: ہاں! نر چیونٹیوں کے پر ہوتے ہیں۔ لیکن ایک دفعہ اُن کے ساتھ میل کے بعد ہم اُن کے پر نوچ کر پھینک دیتی ہیں اور وہ جلدی مر جاتے ہیں۔

میں: آپ اپنے انڈے بچوں کی دیکھ بھال کس طرح کرتی ہیں؟

چیونٹی رانی: ہم چیونٹیاں سماجی طور پر بہت باشعور ہوتی ہیں اور مل جل کر سوسائٹی میں رہنا پسند کرتی ہیں۔ ہماری نوکرانیاں (نوکر چیونٹیاں) لاروا کی دیکھ بھال کرتی ہیں اُن کو غذا پہنچاتی ہیں اور اُن کو نہلاتی دُھلاتی بھی ہیں۔

میں: کیا آپ کے یہاں کام بھی تقسیم کر دیے جاتے ہیں؟

چیونٹی رانی: ہاں کچھ نوکر چیونٹیاں شکار مار کر لاتی ہیں، کچھ دشمنوں سے ہمارے گھروں کی حفاظت کرتی ہیں۔ ہماری ہر کالونی کی ایک علاحدہ خوشبو ہوتی ہے۔ اس لیے صرف ایک مخصوص بو والی چیونٹیاں ہی ایک کالونی میں رہتی ہیں۔ یہ محافظ چیونٹیاں اس بو سے اپنی اور باہری چیونٹیوں میں فرق کر لیتی ہیں۔

میں: تم لوگ آپس میں کس طرح باتیں کرتی ہو؟



چیونٹی رانی: ہم ایک دوسرے سے منہ ملا کر خاص قسم کے اشارے دیتی ہیں۔ اسی ذریعہ سے ایک دوسرے کو سمت اور کھانے کی جگہ کی اطلاع پہنچتی ہے اور دشمن کی موجودگی کا پتہ بھی چلتا ہے۔

میں: تمھاری مرغوب

غذا کیا ہے؟

چیونٹی رانی: ہم چیونٹیاں یوں تو سب کچھ کھا لیتی ہیں لیکن کیڑے مکوڑے، انڈے اور کیچوے ہماری پسندیدہ غذا ہیں۔

میں: تم انھیں کس طرح حاصل کرتی ہو؟

چیونٹی رانی: جیسے ہی کوئی شکاری چیونٹی کسی شکار کو دیکھتی ہے وہ اُس کی طرف دوڑتی ہے اور اس پر فوراً حملہ کر دیتی ہے۔ اگر شکار زیادہ طاقت ور ہوتا ہے اور مقابلہ کرتا ہے تو دوسری شکاری چیونٹیاں بھی اُس پر حملہ آور ہو جاتی ہیں۔

میں: پھر اس شکار کا تم کیا کرتی ہو؟

چیونٹی رانی: مرے ہوئے شکار کو ہم اپنے گھونسلے میں لے جاتے ہیں۔ بڑے بڑے انڈوں کو ٹکڑے ٹکڑے کیا جاتا ہے اور اسٹور میں رکھ دیا جاتا ہے۔ مردہ چڑیاں چھپکلیاں کاکروچ وغیرہ ہم سب اٹھا لاتے ہیں۔



میں: بڑے شکار کو تم کیسے اپنے بل میں لے جاتی ہو؟

چیونٹی رانی: لال چیونٹیاں مری ہوئی چھپکلیوں اور چوہوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے میں مدد کرتی ہیں۔

میں: تم اپنے مکان کس چیز سے بناتی ہو؟

چیونٹی رانی: مٹی اور لعاب کے کمپوزر سے ہم اپنے مکان بناتے ہیں۔ آبادی کے لحاظ سے مزید مکان بنا دیے جاتے ہیں۔ ہمارے مکان میں مختلف کمرے اور راہ داریاں ہوتی ہیں۔ ان راہ داریوں کے ذریعے لاروا، پیوپا کو ایک سے دوسرے کمرے میں موسم کی ضرورت کے لحاظ سے منتقل کیا جاتا ہے۔

میں: اچھا!... تو کیا موسم کے لحاظ سے الگ الگ کمرے ہوتے ہیں؟

چیونٹی رانی: ہاں بھئی! گرمی کے موسم میں ہم نچلی منزل میں چلے جاتے ہیں اور سردی کے موسم میں اوپری منزل کو اپنی قیام گاہ بناتے ہیں تاکہ دھوپ کی گرمی حاصل کی جا سکے۔ اناج کھانے والی چیونٹیاں اوپر کی منزل میں اپنے لیے بیج اور اناج اکٹھا کرتی ہیں۔ ہم صاف ستھرے ماحول میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ اس لیے مزدور چیونٹیاں گندگی کو آرام گاہ سے باہر نکال کر ایک الگ جگہ اکٹھا کر دیتی ہیں۔

میں: تم لوگ تو بہت سلیقے سے زندگی گزارتی ہو۔

چیونٹی رانی: (خوشی سے) compliments کے لیے شکریہ۔ حقیقت میں ہماری کالونیاں دنیا میں بہترین منظم تعمیرات ہوتی ہیں۔

میں: شکریہ!... بہت بہت شکریہ رانی صاحبہ، اچھا اب میں چلوں گا۔ مجھے ابھی اسکول کا ہوم ورک کرنا ہے۔

چیونٹی رانی: خدا حافظ۔

میں: خدا حافظ۔

Rahat Ravish1235 Gali Mahal sarai, Haveli Haseemuddin Haider, Ballimaran, Delhi-110006

کلثوم کشفی



مچھر کا فسانہ

ہے ذات اس کی چھوٹی لیکن ڈرے زمانہ
آؤ سنائیں تم کو مچھر کا یہ فسانہ



کچرے کا ڈھیر مسکن پانی جما ہوا ہے
چاروں طرف ہی سمکہ اس کا جما ہوا ہے
ہر ایک دور بھاگے ہر اک ڈرا ہوا ہے
بیمار پڑ نہ جائے خطرہ لگا ہوا ہے

انساں کا خون پینا ہے اس کے آب و دانہ
آؤ سنائیں تم کو مچھر کا یہ فسانہ



اڑ کر لگائے چکر اور خوب ہی ستائے
جتنا اسے بھگاؤ اتنا قریب آئے
موقع سے فائدہ یہ بھرپور یوں اٹھائے
چوکی نظر ذرا سی فوراً یہ کاٹ کھائے

چوسے لہو ہمارا اڑ اڑ کر گائے گانا
آؤ سنائیں تم کو مچھر کا یہ فسانہ

ہو شام کا اندھیرا یا دن کا ہو اجالا
ان مچھروں نے ہم کو مشکل میں ایسا ڈالا
کر کے ملیریا کا ہر سمت بول بالا
ڈینگو کو عام کر کے کتنوں کو مار ڈالا

کرتے نہ دو گھروں میں تم ان کو آشیانہ
آؤ سنائیں تم کو مچھر کا یہ فسانہ

Kulsum Bano Ansari Kashfi 22/G/05 Shivaji Nagar Govandi Mumbai - 400043

ڈاکٹر جلال فاروقی

ہاکی کے جادوگر میجر دھیان چند

بچو! ہمارے عظیم ملک کی شان دوبالا کرنے والوں میں کئی مشہور سائنس داں، شاعر، ادیب، پینٹر، سیاست داں، صنعت کار اور سماجی کارکنوں کے نام ہم اکثر سنتے اور بولتے چلے آئے ہیں۔ اپنے اپنے مخصوص میدانوں کے ان ماہرین نے ہمارے ملک کو ترقی، خوش حالی اور نیک نامی کی راہ دکھائی تو ملک نے بھی ان کی صلاحیتوں کو سراہا۔ ایسے بہت سے معزز ناموں میں سے آج ہم کھیل کے میدان کے سورما میجر دھیان چند کا ذکر کریں گے۔ تم سچن تیندولکر، کپل دیو، ثانیہ مرزا، سائنا نہوال جیسے اور بھی بہت سے ناموں کے واقف ہوں گے، ان لوگوں نے اپنی ان تھک محنت لگن اور مسلسل مشق سے مختلف کھیلوں کی دنیا میں اپنا مقام بنایا اور ہمارا نام اونچا کیا ہے۔

ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے۔ اس کھیل کو معراج تک پہنچانے والے عظیم کھلاڑی میجر دھیان چند 29 اگست 1905 کو الہ آباد میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں ان کا نام دھیان سنگھ تھا۔ پرائمری اسکول میں ان کے ایک استاد پنکج گپتا نے دھیان سنگھ کی خداداد صلاحیتوں کو پہچانا اور ان کی لگن اور محنت کو دیکھتے ہوئے یہ پیش گوئی کی کہ ایک دن دھیان سنگھ کا نام چاند کی طرح روشن ہوگا اور یہ لڑکا ملک و قوم کا نام پوری دنیا میں پھیلائے گا۔ اس دن سے ماسٹر پنکج گپتا انھیں دھیان چاند کہہ کر پکارنے لگے اور دھیرے دھیرے دھیان چاند دھیان چند میں بدل گیا۔ دھیان چند کو بچپن سے ہی کھیلنے کودنے کا شوق تھا لیکن کشتی ان کی پہلی پسند تھی۔ دھیان چند کے والد فوج میں صوبے دار تھے۔ وہ اپنے بیٹے کے کھیلنے

کودنے کے شوق کو بڑھاوا دیتے تھے۔ ایک دھیان چند اپنے والد کے ہمراہ ہاکی میچ دیکھنے گئے۔ میچ کے آغاز میں ہی ایک ٹیم دوسری پر حاوی ہوگئی۔ حاوی ٹیم نے ایک کے بعد ایک کر کے دو گول کر دیے۔ دھیان چند کو ہاری ہوئی ٹیم سے ہمدردی ہوئی۔ انھوں نے اپنے والد سے اجازت مانگی کہ اس کمزور ٹیم میں جا کر کھیل سکیں۔ یہ کوئی آسان کام نہیں تھا لیکن ایک فوجی افسر کی سفارش پر انھیں اس کی اجازت مل گئی۔ دھیان چند نے بڑی سوجھ بوجھ سے کھیلا اور مخالف ٹیم پر چار گول داغ دیے۔

یہ ہاکی سے دھیان چند کا پہلا تعارف تھا۔ اس کے بعد انھوں نے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ جس فوجی افسر نے انھیں ہاکی کھیلنے کی اجازت دی تھی اسی نے محض 16 سال کی عمر میں دھیان چند کو فوج میں بھرتی کرا دیا۔ فوج میں رہتے ہوئے بھی وہ ہاکی کھیلتے رہے۔ انھیں ہاکی کا جادوگر کہا جانے لگا۔ چار سال کے بعد انھیں ہندوستانی ہاکی ٹیم کے ساتھ نیوزی لینڈ جانے کا موقع ملا۔ اپنے اس دورے میں انھوں نے اپنے بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے دنیا بھر کی توجہ حاصل کر لی۔ 1928 کے اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے ہماری بھارتی ٹیم ایمسٹرڈیم پہنچی اور دھیان چند کے حیرت انگیز کارناموں کی بدولت اس سال ہم نے گولڈ میڈل جیتا۔ یہ ہندوستانی ہاکی کی تاریخ میں ایک انتہائی اہم اور سنہرا دن تھا۔ لیکن میجر دھیان چند تھکنے، رکنے اور بیٹھے رہنے والوں میں سے نہیں تھے۔ انھوں نے مشق جاری رکھی اور جب 1936 میں جرمنی کے شہر برلن میں اولمپک کھیل منعقد ہوئے تو ایک بار پھر بھارتی ٹیم میجر دھیان چند کی سربراہی میں وہاں ہاکی کھیلنے پہنچی، اور ایک بار پھر گولڈ میڈل جیتنے کا اعزاز ہماری ٹیم کو ملا۔ اس بار کے اولمپک کو دیکھنے والوں میں جرمنی کا حاکم ہٹلر بھی موجود تھا۔ ہٹلر کو اپنی قوم اور اپنی فوج اور اپنی کھیل ٹیموں پر بڑا فخر تھا۔ اسے یقین تھا کہ جرمن قوم ہارنے کے لیے نہیں جیتنے اور راج کرنے کے لیے ہی پیدا ہوئی ہے۔ لیکن میجر دھیان چند نے ہٹلر کے سامنے ہی اس کی ٹیم کی جم کر دھنائی کر ڈالی۔ ہٹلر ان کا کھیل دیکھ کر بہت متاثر ہوا۔ اس نے دھیان چند کو بہت لالچ دے کر اپنے یہاں روکنا چاہا، لیکن یہ جیالا نوجوان جو اپنے ملک سے بے پناہ محبت کرتا تھا اسے وہاں رکنا گوارا نہیں

ہاکی کا جادوگر: مشہور مصور امول ٹھاکر کی پنسل ہوئی پینٹنگ

ہوا، اور تمام پیش کشوں کو ٹھکرا کر اور فاتح بن کر ہندوستان لوٹ آیا۔

بچو! تم جانتے ہی ہو کہ ہم ہندوستانی لوگ اپنے محبوب معزز بزرگوں اور ماہرین کا کتنا احترام کرتے ہیں۔ ہم گاندھی جی کو ان کے نام سے نہیں 'باپو' کے نام سے پکارتے ہیں۔ اسی طرح ہم دھیان چند کی عظمت کا اعتراف کرتے ہیں اور انھیں پورا ملک 'دادا' کہہ کر پکارتا ہے۔ ان کی تاریخ پیدائش کو 'قومی کھیل کا دن' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ ہاکی اور فوج کی خدمات کے عوض ان کو 1956 میں 'پدم بھوشن' کے اعزاز سے سرفراز کیا گیا۔

3 دسمبر 1979 کو لمبی بیماری کے بعد میجر دھیان چند ہم سے رخصت ہو گئے۔ ان کی یادوں کو زندہ رکھنے کے لئے جھانسی (اتر پردیش) میں ایک وسیع و عریض 'میجر دھیان چند اسٹیڈیم' بنایا گیا۔ ہندوستان کو اپنے اس عظیم سپوت پر ناز ہے۔ ہم ان کی محنت، لگن اور جیتنے کے جذبے سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں۔ □

Rashid Jamal Faruquee C-1452, IDPL Township Virbhadra
Resident Delhi Dehradun-248006 U.Khand

نور پیکر

آؤ اب ہم کرکٹ کھیلیں



چھک چھک کرتی ریل نہیں ہے
پہلے والا کھیل نہیں ہے
دادی کا پن بٹا غائب
دودھ ہے لیکن مٹھا غائب

ہم کیا کھائیں ہم کیا کھیلیں
آؤ کھیت روٹی بیلیں

ہم سب کی وہ دل بر جانی
کونے میں بیٹھی ہیں نانی
قسمیں کھا کر کہتی ہیں وہ
بھول گئیں ہیں پچھلی کہانی

جھوٹ اور سچ کیسے پہچانیں
کیسے سیکھیں کیسے جانیں

ٹی وی دیکھیں مل کر ڈانٹیں
کمپیوٹر کو کب تک کھائیں
پڑھنے کے سامان بہت ہیں
ہم بچے حیران بہت ہیں

گیند اٹھائیں بلا لے لیں
آؤ اب ہم کرکٹ کھیلیں

Noor Palkar 89 Cowles Ghat Road Shalbpur Howrah 711102

محمد اسد اللہ

سورج چاند ستارے



سورج چاند ستارے اک دن اس دھرتی پہ آئیں
دیکھ کے ان کو دنیا والے سارے چکرا جائیں

دن ہے یا یہ رات ہوئی ہے کچھ نہ پتہ چل پائے
وقت کی تال پہ چلتی دنیا کی گھڑیاں تھم جائیں

گرمی سردی بارش سب ہی حیراں اور پریشاں
بھیڑ میں کاریں کچھ آپس میں جیسے ٹکرا جائیں

چاند ستارے سورج گھس کر شان سے اک ہوٹل میں
برگر پیزا چاٹ پکوڑی حلوہ پوری کھائیں

کئی ستاروں کا اک جھرمٹ گیند اٹھا کر بھاگے
کچھ دریا کی جانب نکلیں اور کچھ پتنگ اڑائیں

جگ مگ چاند ستاروں سے یہ آنگن میرا دمکے
میرے گھر کی چھت ہے حاضر کھیلیں دھوم مچائیں

غم اور مایوسی کے اندھیاروں میں کیسے چمکیں
چاند ستارے گھر گھر جاکر لوگوں کو سمجھائیں

دھرتی پہ ہے گھنا اندھیرا کوئی دور کرے
آسمان پہ رہنے والے اب تو قدم بڑھائیں

Mohd AsadullahGulistan Colony Amrai Lance Jafar Nagar Nagpur-440013 Mah.

بھولے بھالو کی حماقتیں

بھولا بھالو اور صابن کمپنی کا مقابلہ



اور پھر ڈس ولے کے باشندے نیا ٹاؤن ہال بنانے میں جٹ گئے
ان میں کچھ بچے بھی تھے...
اف العنت ہے... پھر چوٹ لگ گئی...
یہاں تک کہ مس بھولی بھی ہاتھ بٹا رہی تھی...
آ گئی گرما گرم کافی!
ایک کپ مس بھولی!
اہاہا! گرم کافی... واہ کیا بات ہے!
مسٹر اوبلاؤ نئے ٹاؤن ہال کے لیے عمارتی لکڑی لے کر آئے...
آخر کار ٹاؤن ہال کی نئی عمارت بن کر تیار ہو گئی!
آج ہم یہاں اپنے نئے ٹاؤن ہال کے افتتاح کے لیے جمع ہوئے ہیں!
مسٹر بکرا نواب زندہ باد، زندہ باد!
خاموش، پلیز!
مسٹر صاحب... ذرا ہماری نئی عمارت کو دیکھیے!
گڑ گڑ
چڑ چڑ

اوہ!
دوبارہ نہیں!
ہائے... ہمارا ٹاؤن ہال...
پھر گر رہا ہے...
جنرل مرچنٹ
لگتا ہے یہ میری غلطی سے ہوا میں اچھا بلڈر نہیں
بے کار کی باتیں نہ کرو بھولے، جنھوں نے پرانا ٹاؤن ہال بنایا تھا کیا وہ اچھے بلڈر تھے؟
کس لیے پریشان ہو ننھے دوستو؟
ہمارا نیا ٹاؤن ہال بھی گر گیا ہے...
اور نیا ہال بنانے پر سکڑوں ڈالر کا خرچ آئے گا
ایک ترکیب ہے صابن کر تم اس سے بھی زیادہ رقم کما سکتے ہو!
صابن؟... میں سمجھا نہیں!!
تمھیں صرف اتنا کرنا ہے کہ صابن کے زیادہ سے زیادہ ریپر کمپنی کو بھیج دو اور ہر ریپر کے لیے صابن خریدنے ہوں گے
سوئٹی صابن مقابلہ
پہلا انعام 1600 ڈالر
25 دوسرے انعام
تفصیل کے لیے نزدیکی دکانوں سے ملیں
پورے پندرہ سو ڈالر!!!
ہمیں یہ مقابلہ جیتنا ہی ہوگا بھولے ڈیئر
ہم م م! اس سے میرا کاروبار یقیناً چمک اٹھے گا


ہمارے پاس فرنیچر کے لیے بھی رقم بچ جائے گی
یاد رہے، مقابلہ ایک ہفتے میں ختم ہو جائے گا
میئر صاحب ہم سوئٹی صابن مقابلے میں چند سو ڈالر جیت سکتے ہیں
کیا کہا... ڈیڑھ ہزار-ر-ر-ر
...ڈالر! سچ!؟
بالکل، ہم سب جیتیں گے۔ سب کو خبر کر دو، سب لوگ نہانا شروع کر دیں
جتنا زیادہ ریپر بھیجے گا وہ جیتے گا سب کو یہ مقابلہ جیتنا چاہیے
کیا نہانے کو کہہ رہے ہیں؟
ہاں، سب کو!
ہاں بدبو کے ڈھیر، سب کو نہانا ہے۔ خاص طور پر تم دونوں کو...
تو اس طرح وڈس ویلے کے سبھی باشندوں نے نہانا شروع کر دیا
ٹھیک ہے مسٹر اوبلاک۔ اب یہ پانی کی بالٹی مجھ پر الٹ دو
لو، یہ لو!
اوہ... لگتا ہے تالاب میں پانی کے لیے میں کچھ زیادہ ہی نیچے چلا گیا
عقل مند جانور، اب مجھے دوبارہ نہانا پڑے گا
تم جتنا نہاؤ گے صابن کے اتنے ہی ریپر ہمیں مل جائیں گے
پیارے اوبلاک، کچھ پانی میرے اوپر بھی ڈال دو

ارے واہ! یہ تو بڑا ہی چکنا اور مزے دار ہے۔
بالٹی مزے دار مچھلیوں سے بھری ہو تو ایسا ہی لگتا ہے!
مجھ سے کیسی خوش بو آ رہی ہے بھولے؟
یہ بڑی اچھی بو ہے نا بھولے؟
اچھا! تو پھر اچھا ہوگا اگر تم سوفٹی صابن کی کچھ اور ٹکیاں اپنے اوپر رگڑ لو!
ہائے مائک مشکی! خوب مزے لے رہے ہو؟
کیسا مزا؟ یہاں تو پانی اٹھانا بھی ایک مسئلہ بن گیا ہے!
میئر صاحب بھی رپورٹ جمع کرنے میں لگے تھے...
یہ آج کا 31واں غسل ہے! اتنا صاف زندگی بھر نہیں رہا!
...سوفٹی صابن سے بنا ہوا ایک ٹرک اور چاہیے؟ ابھی بھیجتا ہوں بھولے ڈیئر!
آخر مقابلہ ختم ہونے کا دن آ گیا...
صابن کے کتنے ریپر جمع ہو گئے ہوں گے میئر صاحب؟
پورے 5432 چھوڑیئے!
اوہ، پھر تو جیت پکی ہے
ڈنگ ڈنگ پوسٹ آفس

Buster Bear سے ماخوذ/ترجمہ: شبنم پروین

◆ دو دوست سفر پر جا رہے تھے۔ راستے میں رات ہوگئی۔ دونوں ایک ٹینٹ لگا کر سو گئے۔ رات کو ایک دوست کی آنکھ کھلی۔ اس نے دوسرے کو جگا کر پوچھا: "اوپر دیکھ کیا نظر آ رہا ہے؟"

دوسرے دوست نے کہا: "تاروں بھرا آسمان!"

پہلے دوست نے پوچھا: "اس سے کیا پتہ چلتا ہے؟"

دوسرے دوست نے کہا: "آسمان خوب صورت ہے۔"

پہلا دوست بولا: "ابے نیوٹن کی اولاد، ٹینٹ چوری ہو گیا ہے!"

• ایک بھکاری کو سو روپے ملے۔ وہ ایک فائیو اسٹار ہوٹل میں گیا اور خوب پیٹ بھر کر کھایا۔ کھانے کا بل آیا، 3000 روپے۔

بھکاری نے مینیجر سے کہا: "اتنے پیسے میرے پاس نہیں ہیں۔"

مینیجر نے اسے پولس کے حوالے کر دیا۔ بھکاری نے پولیس والے کو سو روپے دیے اور چھوٹ گیا۔

اسے کہتے ہیں، فائنینشل مینجمنٹ... MBA کیے بغیر!

• دو کاکروچ آئی سی یو میں داخل تھے۔

پہلے نے پوچھا: "تجھے کس نے مارا؟"

دوسرا بولا "زہریلی دوا کے چھڑکاؤ نے۔ اور تجھے کس نے مارا؟"

پہلا بولا: "کسی نے نہیں۔ یہ جو لڑکیاں ہیں نا، یہ کم بخت کاکروچ دیکھ کر اتنا چیخ چلاتی ہیں کہ میرا ہارٹ فیل ہو گیا۔"

ذوالفشاں وحید، بیڈ، مہاراشٹر

• ٹیچر: "نیچے پانی میں رہنے والے پانچ جانوروں کے نام بتاؤ۔"

ایک لڑکا: "مینڈک، مینڈک کی امی، مینڈک کے ابو اور مینڈک کے بھائی بہن۔"

خان طوبیٰ رحمن، بھبرا، مہاراشٹر

• بیلی: "کسی کھلاڑی کی نظر کمزور ہو تو کیا کرتے ہیں؟"

بنٹی: "اسے ریفری یا امپائر بنا دیا جاتا ہے۔"

• بیٹا: ممّا رات کو جب میں ٹائلٹ گیا تو بتی اپنے آپ جل گئی اور میں شوشو کر کے آ گیا۔

ماں: بیٹا! تم نے پھر فریج میں شوشو کر دیا؟

قاضی مذکر، بیڈ، مہاراشٹر

• سنتا ایک نوجوان سے: آپ کتنا پڑھے ہو؟

نوجوان: بی اے

سنتا: کمال کرتے ہو یار۔ دو حرف پڑھے، وہ بھی الٹے؟

ایچ عبداللہ، پالم اسٹریٹ پربھنی

• ایک شخص کے دو جڑواں بیٹے تھے۔ اس نے دیکھا ایک ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو رہا ہے اور دوسرا اداس بیٹھا کانپ رہا ہے

باپ نے پوچھا: "تم اتنا ہنس کیوں رہے ہو؟"
بیٹا بولا: "ممی نے اتنی ٹھنڈ میں دونوں بار اسی کو نہلا دیا! ہاہاہا!"

محمد سجاد، اجمل پور

• دوست کو اس نظر سے مت دیکھو کہ وہ کتنا امیر ہے۔ وفادار دوست کثر غریب ہوتا ہے۔

• زندگی میں جو منزل حاصل کرنا چاہو کر لو
بس اتنا خیال رہے کہ اس کا راستہ لوگوں کے دلوں کو توڑتا ہوا نہ گزرتا ہو!

انس فردوس شیری

• ایک کنجوس نے اپنے نوکر سے پوچھا "اس چیز کا نام بتاؤ جو محنت کے باوجود نہ ملتی ہو!"
نوکر نے بڑی بے چارگی سے کہا: "میری تنخواہ!"

صارم دیشمکھ

• دوست کے مرنے پر ایک شخص اس کی لاش سے لپٹ کر اتنا رویا، اتنا رویا کہ لاش اٹھ بیٹھی اور بولی: "لے تو مر جا یار، میں پھر کبھی مر جاؤں گا۔"

• پولیس والا: دروازہ کھولیے میڈم۔
آپ کے شوہر ایک بھاری ٹرک کے نیچے آ کر مر گئے ہیں۔ ان کی لاش بالکل پاپڑ بن گئی ہے۔
بیوی: دروازہ کھولنے کی کیا ضرورت ہے! نیچے سے سرکا دو۔

• بدمعاش کی دعا
میرے اصول اس قابل نہیں کہ میں جنت مانگوں میرے پروردگار بس اتنی دعا ہے کہ مجھے جہنم سے بچا لینا! آمین!

انعم سید، پربھنی

• سنتا کا ٹیچر: دہی کی انگریزی بتاؤ۔
سنتا کچھ دیر سوچنے کے بعد بھلک سلپنگ ان دی نائٹ اینڈ سویرے سویرے از ٹائٹ!

زید محمد، 24 پرگنہ، مغربی بنگال

• گبر: کتنے آدمی تھے؟
کالیا: سردار دو
گبر: مجھے گنتی نہیں آتی۔
جلدی بتاؤ دو کتنے ہوتے ہیں؟
کالیا: دو ایک کے بعد آتا ہے۔
گبر: اور دو کے پہلے؟
کالیا: دو کے پہلے ایک آتا ہے۔
گبر: تو بیچ میں کون آتا ہے؟
کالیا: بیچ میں کوئی نہیں آتا۔
گبر: تو پھر دونوں ایک ساتھ کیوں نہیں آتے۔
کالیا: دو ایک کے بعد ہی آ سکتا ہے کیونکہ دو ایک سے بڑا ہے۔
گبر: دو ایک سے کتنا بڑا ہے؟
کالیا: ابے الو کے پٹھے گولی مارنا ہے تو مار دے۔ تیز نمک کھلایا ہے جیون پر اتر نہیں!

نام نہیں لکھا

• بھکاری: صاحب ایک روپیہ دے دو۔
صاحب: کل آنا۔

بھکاری: حد ہوگئی۔ اس کل کل کے چکر میں میرے ہزاروں روپے اس کالونی میں پھنسے ہوئے ہیں۔

شیخ شیر، پٹیل مین جلگاؤں، بیڑ



• رات دن کمپیوٹر سے الجھے رہنے والے ایک شخص نے اپنے بھائی سے کہا: "کل پڑوسی کا نیٹ کھو گیا تھا۔ میں نے اس سے کہا گھبرانے کی کیا بات ہے، گوگل ڈاٹ کام پر ڈھونڈو مل جائے تو ڈاؤن لوڈ کر لینا۔

فیض الرحمٰن، ناندیڑ

• کچھ یادیں ہیں ان لمحوں کی
جن لمحوں میں ہم ساتھ رہے
خوشیوں سے بھرے جذبات رہے
اک عمر گزاری ہے ہم نے
جہاں روتے ہوئے بھی ہنستے تھے
کچھ کہتے تھے کچھ سنتے تھے
ہم روز صبح جب ملتے تھے
تو سب کے چہرے کھلتے تھے
پر لطف وہ منظر ہوتا تھا
سب مل کر باتیں کرتے تھے
ہم سوچ کتنا ہنستے تھے
وہ گونج ہمارے ہنسنے کی
اب ایک پرانی یاد بنی
یہ باتیں ہیں ان لمحوں کی
جن لمحوں میں ہم ساتھ رہے
اسکول میں کتنی مستی تھی
تب اپنی بھی کچھ ہستی تھی
ٹیچر کا بہت سہارا تھا
پر دل اپنا آوارا تھا
ڈگری کی لگن میں کھو بیٹھے
وہ بچپن کتنا پیارا تھا

نغمہ کہکشاں، اسلام پور، مالیگاؤں



• پولیس والا: جلدی بتاؤ تیرا دوست کیسے مرا؟ کس نے مارا؟
سنتا (روتے ہوئے): مجھے کیا پتہ؟ وہ کہہ رہا تھا بھوک سے پیٹ میں چوہے کود رہے ہیں۔ میں نے چوہے مارنے کی دوا پلا دی، بس!

حسین خاں اورنگ آباد، مہاراشٹر

• ایک شخص کار چلا رہا تھا۔ اچانک کار کا ایکسیڈنٹ ہو گیا۔ پولیس اسے پکڑ کر عدالت لے گئی۔ جج نے پوچھا: "سچ سچ بتاؤ حادثہ کیسے ہوا؟"

کار والا بولا: "میں سچ کہتا ہوں۔ مجھے کچھ پتہ نہیں جج صاحب۔ میں تو اس وقت سو رہا تھا۔"

ارسلان اعظمی، اسوہ محی الدین، اعظم گڈھ یوپی

• ایک عورت پھل بیچنے والے سے: تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ جو آم تم بیچ رہے ہو وہ لنگڑے آم ہی ہیں؟
پھل والا: یہ ٹھیک سے چل نہیں سکتے اس لیے انھیں سر پہ لیے گھوم رہا ہوں!



نزہت آفریں، اجنتا اورنگ آباد

• ہر خوشی کو تیری طرف موڑ دوں
تیرے لیے چاند ستارے بھی توڑ دوں
خوشیوں کے سب دروازے تیرے لیے کھول دوں
اتنا کافی ہے یا دو چار جھوٹ اور بول دوں؟

عدنان

• ایک گنجے شخص کے سر پر دو مکھیاں بیٹھی تھیں۔ ایک مکھی نے دوسری سے کہا: ''اچھا گھر ڈھونڈا ہے تم نے۔''
دوسری مکھی بولی: ''گھر نہیں بہن، ابھی تو صرف پلاٹ لیا ہے۔''

شعیب شیخ عین الدین ماہی جی تال پچھوڑا، ضلع جلگاؤں

• کر پیا دھیان دیں۔
خواب نگر جانے والی نندیا ایکسپریس، بستر پیٹ فارم پر آ رہی ہے
یاتریوں سے نویدن ہے کہ اپنے اپنے بستے لے کر تیار رہیں

• جب تم ہنستے
ہو تو لگتا ہے آدمی
پہلے بندر تھا
دیکھو غصہ مت
کرو، کیونکہ
جب تم غصے میں
ہوتے ہو تو لگتا
ہے آدمی آج
بھی بندر ہے



• جانے انجانے اگر اس پورے سال میں
آپ کو دکھ دیا ہو
پریشان کیا ہو
تکلیف دی ہو
رلایا ہو
تو
عادت ڈال لو
کیونکہ اگلے سال بھی ہم نہیں سدھریں گے

• آپ کی زندگی کا سب سے قیمتی لمحہ۔
جب آپ حال پوچھنے پر اپنے دوست سے کہیں: ''میں ٹھیک ہوں!'' اور وہ آپ کی آنکھوں میں دیکھ کر کہے: ''او کے، چل اب بتا، کیا پرابلم ہے؟'' وہی ہے سچا دوست۔

شائلہ صدف، گربیدنگر، مالیگاؤں

ہمارا ایس ایم ایس

پچھلے شمارے میں ایس ایم ایس بھیجنے کے لیے ہم نے جو نیا نمبر دیا تھا وہ تو آپ میں سے اکثر نے نوٹ کر ہی لیا ہوگا
نمبر تھا، بلکہ ہے: 9540165653
کیا آپ نے نوٹ کیا؟
ہمارا خیال ہے نہیں، کیونکہ ابھی تک آپ کا ایس ایم ایس ہمیں نہیں ملا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟
یا تو آپ نے ایس ایم ایس سرکاری چھٹیوں کے دنوں میں بھیجا ہے۔
یا پھر سنیچر اور اتوار کو بھیج دیا ہے۔
یا صبح دس بجے سے پہلے اور شام چھ بجے کے بعد sand کیا ہے۔
ہم نے پہلے ہی کہا تھا کہ ان دنوں اور ان اوقات کے علاوہ بھیجے گئے ایس ایم ایس اپنے آپ delete ہو جائیں گے۔
یا پھر ہو سکتا ہے آپ ہم سے ناراض ہوں۔
گر ایسا ہے تو ہم معذرت چاہتے ہیں۔
مگر اتنا ضرور بتا دیجیے کہ کس بات پر خفا ہیں؟ ایس ایم ایس کر کے!

اعزازی مدیر

مرزا رجب علی بیگ سرور

7

فسانۂ عجائب

فسانۂ عجائب اردو نثر کی بہت اہم کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ یہ ایک خیالی داستان ہے جس میں قصے سے قصہ نکلتا ہے اور عقل کو حیران کر دینے والے واقعات پڑھنے میں دلچسپی پڑھنے والے وقت تک ان میں کھو جایا کرتے تھے۔ مرزا رجب علی بیگ سرور نے اسے بڑی عمدہ اور عمدہ نثر میں لکھا تھا اور اس میں قافیہ والی زبان کی استعمال کی تھی۔ مثلاً [illegible] شہر میں خوب دھوم دھام ہوئی اور ساری رعایا شاد کام ہوئی۔ یہ داستان پڑھنے والے کو کہیں کہیں سرور نے بلا وجہ لمبی قافیے اور صفت جڑ دیے تھے جس سے پڑھنے والے کا دھیان بھٹکتا تھا۔ اردو کے مشہور ادیب جناب کوثر رضوی نے اردو کے لیے لکھی ہوئی اس کتاب میں سے مشکل الفاظ اور قافیے وغیرہ نکال کر آج کی سادہ زبان میں کتاب کا حسن برقرار رکھا کہ وہ آج کے پڑھنے والوں خاص طور سے بچوں کی سمجھ میں آ سکے۔ اگر آپ کو بھی اردو لکھنے کا شوق ہے تو اس کتاب کو ضرور پڑھیے۔ قسط وار آپ کے لیے قسط وار پیش کر رہے ہیں۔ اس داستان کو جو اپنے اندر ناول کی خوبیاں لیے ہوئے ہے قومی اردو کونسل نے 1982 میں پہلی بار چھاپا تھا۔

اب تک آپ نے پڑھا ملک ختن میں ایک بادشاہ تھا فیروز بخت۔ شہزادہ جان عالم اس کا اکلوتا بیٹا تھا ایک دن شہزادے نے ایک بولنے والا طوطا بازار سے خرید۔ طوطا دنیا بھر کی باتیں جانتا تھا ایک دن اس نے بتایا کہ ملک زرنگار کی ملکہ انجمن آرا دنیا کی سب سے حسین ملکہ ہے۔ شہزادہ انجمن آرا کی تلاش میں نکل پڑا۔ راستے میں کئی مشکلیں آئیں۔ ایک جگہ غلطی سے ایک جادوگر نی کے جال میں پھنس گیا جو اسے اپنے محل لے گئی اور اس سے زبردستی شادی رچانے لگی۔ جان عالم کسی طرح اس کی قید سے نکل آیا راستے میں اسے ملکہ مہر نگار اپنی خواصوں کے ساتھ ملی اور گھر لے گئی۔ ملکہ نے جان عالم کا قصہ سن کر اسے اپنے والد سے ملایا جو حکومت چھوڑ کر عبادت گزار بن چکے تھے انہوں نے جان عالم کو ایک لوح دی یہ خدا کے نامو ں کا تعویذ تھا جو ہر جادو کو توڑ دیتا تھا۔ مہر نگار اور اس کے والد سے رخصت ہو کر جان عالم ملک زرنگار پہنچا جہاں پتہ چلا کہ انجمن آرا ایک جادوگر کی قید میں ہے۔ جان عالم جادوگر سے لڑنے چل دیا اور لوح کی مدد سے کامیاب رہا۔ انجمن آرا کی واپسی پر اس کا باپ جو کہ ملک کا بادشاہ تھا اس قدر خوش ہوا کہ اس نے جان عالم سے انجمن آرا کی شادی کر دی۔ کچھ دن گزرے تو جان عالم کو گھر کی یاد ستانے لگی۔ واپسی راستے میں ان کی ملاقات ملکہ مہر نگار اور اس کے بزرگ والد سے ہوئی۔ دونوں کچھ روز ان کے ساتھ رہے۔ مہر نگار اب بھی جان عالم کو چاہتی تھی۔ دونوں کی شادی ہو گئی۔ جان عالم دونوں بیویوں کو لے کر وطن واپس چلا تو بزرگ نے دوسرے جان مار میں روح داخل کرنے کی ترکیب اسے بتائی اور کہا کہ کسی کو یہ راز نہ بتانا ورنہ دکھ اٹھاؤ گے۔ مگر اس نے اپنے دوست وزیرزادے کو یہ راز بتا دیا لالچی دوست نے دھوکے سے جان عالم کو بندر کے جسم میں داخل کرا دیا اور خود جان عالم بن گیا مگر دونوں بیویوں کو اس پر شک ہو گیا اور وہ اس سے دور رہنے لگیں۔ ادھر وزیر زادے کو اندیشہ تھا کہ جب تک جان عالم بندر کی شکل میں زندہ ہے تب تک اس کے لیے خطرہ بنا رہے گا اس نے دس روپے میں ایک بندر خریدنے کا عام اعلان کر دیا اور یوں ہزاروں بندر خرید کر مار ڈالے۔ جان عالم بندر کی صورت میں ایک غریب چڑی مار

ہتھے آ گیا وہ اسے انعام کے لالچ میں وزیر زادے کے پاس لے چلا۔ جان عالم نے اس کی بیوی کو یمن کے بادشاہ کی کہانی سنائی جس نے ایک سلطنت دے کر دو سلطنتیں پائی تھیں اور لالچ کرنے والے کا برا انجام ہوا تھا بیوی کو کہانی سن کر ترس آ گیا اور اس نے چڑی مار کو بندر کی جان بچانے کے لیے صدا لیا انسانوں کی طرح بولنے والے بندر کی خبر ایک رحم دل سوداگر کو ملی تو اس نے اسے بھاری رقم دے کر خرید لیا مگر یہ خبر وزیرزادے تک جا پہنچی اور اس کے ساتھ ملکہ کو بھی یقین ہو گیا کہ وہ بندر ہی دراصل جان عالم ہے۔ وزیر زادے نے سوداگر کو حکم دیا کہ بندر اس کے حوالے کر دے۔ سوداگر نے نہ مانا تو اس نے جان پر کھول کر بھی بندر کو بچانے کا وہ اسے ایک جلوس کی شکل میں محل کی طرف لے چلا۔ بندر راستے میں لوگوں کو اپنی بپتا سناتا گیا۔ جیسے ہی وہ ملکہ کے جھروکے کے نیچے آیا ملکہ نے اسے روک لیا۔ جان عالم اسے دیکھ کر رو پڑا اور ملکہ کے کہنے پر اسے اپنی داستان سنانے لگا اب آگے پڑھیے۔

بندر نے ملکہ کی آواز پہچان لی تھی۔ پہلے تو وہ خوب رویا پھر جی ٹھہرا کے کہنے لگا۔

"کیا سنائیں یار نے عیاری کی دل کے دفادی۔ ہم سے جس کے آنسو دیکھے نہ جاتے تھے وہ ہمارے خون کا پیاسا نکلا۔ سچ ہے اس دنیا میں نیکی کا بدلہ بدی ہے۔ پھر سے وطن دیکھنے کی تمنا دل میں ہی رہ گئی۔ دوستوں کا کہا نہ مانا وہ آگے آیا۔ سب سمجھ میں آیا کہ اپنا بھید کسی پر کھولنا اچھا نہیں۔ کسی کو کیا دوش دوں۔ میں نے آپ اپنے پیروں میں کلہاڑی ماری۔ اب کوئی تدبیر بن نہیں آتی۔ کوئی گھڑی میں مفت جان جاتی ہے۔ جو دیکھتا ہے وہ جانتا ہے جو نہیں جانتا اس سے کہہ دینا کہ تمہارے لیے گھر چھوڑ کے دربدر ہوئے اور آج جان سے جاتے ہیں۔"

ن باتوں سے رہا سہا شک بھی جاتا رہا۔ پکا یقین ہو گیا کہ جان عالم یہی ہے۔ جواب دیا کہ "جو جانتے تھے (یعنی ملکہ مہر نگار) ان سے کیا ہو سکا۔ جو نہیں جانتے تھے (یعنی انجمن آرا) اب وہ جان کے کیا کر لیں گے۔" اتنا کہا اور طوطے کی گردن مروڑ، پنجرہ پردے سے باہر نکال دیا۔ بندر کی نگاہ پنجرے پر پڑی، سمجھا ملکہ پہچان گئی، جھٹ سوداگر کی گود میں لیٹ گیا اور اپنی جان طوطے کے بدن میں داخل کر دی، طوطا پھڑکا، ملکہ کا دل خوشی سے دھڑکا، پنجرہ اندر کھینچ لیا۔

سوداگر نے دیکھا بندر مر گیا، چاہا اپنی جان لے لے اور بدنامی سے چھوٹے۔ لوگوں نے سمجھایا کہ "خدا کی مرضی میں دخل نہیں۔ اگر وہ ظالم لے کے رہا تو کون روکتا۔ اب اتنا تو ہے کہ اپنی موت آپ مرا۔ صبر کرو۔" تماشائیوں نے سنا کہ بندر مر گیا تو سب رو دیے سب ایک ہی بات کہتے تھے۔ "بندر خوش نصیب تھا، ظالم کے آگے جانے کی نوبت نہ آئی۔ مرنے کے ڈر سے سوداگر کی گود میں جان دے دی۔"

یہ خبر وزیرزادے کو پہنچی، پھر بھی چین نہ آیا، لاش منگا کر اپنے سامنے جلوائی اور دل ٹھنڈا کیا۔ وہاں ملکہ مہر نگار پنجرے میں بیٹھی، لوگوں کو پاس سے سرکا دیا۔ میاں مٹھو نے شروع سے آخر تک سارا حال کہہ سنایا کہ "ہم نشے کی ترنگ میں تھے، وزیرزادہ رو دیا کہ ہم سے راز چھپاتے ہو۔ ہم نے جسم بدلنے کی ترکیب بتا دی۔ اس نے یہ عمل ہمیں پر آزمایا۔ پھر چڑی مار کے جال میں پھنسے۔ ایک تاجر نے نرالی چیز جان کے ہمیں اس سے خرید لیا۔ پھر آج تم سے آ ملے۔" ملکہ نے کہا

"اطمینان رکھئے اب جلد کوئی صورت ہوئی جاتی ہے۔"

یہاں یہ بات چیت ہو رہی تھی کہ اس خبیث کے آنے کی اطلاع پہنچی۔ پہلے وہ آیا کرتا تھا تو ملکہ بات نہ کرتی تھی۔ وہ آپ ہی شرمندہ ہو کے اٹھ جاتا تھا آج ملکہ اس کے استقبال کو آئی۔ وہ کم بخت یہ سمجھا کہ اس نے بندر کو پہچان لیا اور اسے اپنی آنکھوں سے مرتے دیکھ لیا۔ اس لیے دب گئی ہے۔ اب جلدی نہیں کرنی چاہیے یہ کوئی دن میں خود ہی اسے بھول جائے گی۔ اسے ملکہ کے باپ کا بھی بہت ڈر تھا کہ بڑا عالم ہے پتہ نہیں کیا عمل کرے۔

وزیرزادہ رخصت ہونے لگا تو ملکہ نے کہا "بکری کا ایک خوبصورت بچہ ہمیں بھیج دو۔ اسے پالیں گے اور اپنا دل بہلائیں گے۔" یا تو ملکہ بات نہ کرتی تھی یا فرمائش کرنے لگی، وزیرزادہ دل ہی دل میں بہت خوش ہوا کہ اتنے دن بعد یہ نوبت آئی۔ اسی وقت ایک بکری کا بچہ منگوا کر بھجوایا۔ دوسرے دن وزیرزادہ آیا تو ملکہ کو بہت خوش پایا۔ اس کے سامنے دیر تک بچے سے کھیلتی رہی۔

کئی دن یہی کھیل ہوتا رہا۔ ایک روز ملکہ نے بچہ کو دبا کے ادھ موا کر دیا اور چوب دار دوڑایا کہ شہزادے کو جلد بلا لا۔ کہنا کہ دیر لگاؤ گے تو جیتا نہ پاؤ گے۔ دوڑا چلا آیا۔ ملکہ نے طوطے کا پنجرہ اپنے پلنگ کے پاس رکھ لیا تھا اور بچے کو بالکل مار کے گود میں دھر لیا تھا۔ وزیرزادہ سامنے آیا تو ملکہ بلک بلک کے رونے لگی۔ شہزادے نے سمجھایا کہ کیوں روتی ہو اس کے بدلے ہزار بچے حاضر کرتا ہوں۔

ملکہ نے کہا "ابھی اس بچے کو زندہ کرو۔ اگر میری خوشی چاہتے ہو تو یہ کام بھی کرنا ہوگا۔" وہ بولا "کہیں مر کے بھی کوئی زندہ ہوا ہے جو یہ زندہ ہوگا؟"

ملکہ نے کہا "واہ جب میں روئی تھی تو تم نے میری مدد کو زندہ کر دیا تھا۔"

اس نمک حرام نے سوچا کہ شاید شہزادے نے ایسا کیا ہو۔ پھر پوچھا "ذرا یہ تو بتاؤ ہم نے مینا کو کس طرح زندہ کیا تھا؟"

ملکہ نے جواب دیا "تم پلنگ پر بیٹھ رہے تھے، وہ جی اٹھی تھی۔" یہ نشانی بھی ٹھیک پائی۔ سوچا ہاؤ ذرا سی دیر کو اپنی جان اس مردہ بکری کے بچے میں لے جاؤں۔ یہ بہل جائے گی اس کے بعد پھر اپنے بدن میں لوٹ آؤں گا۔ یہ نہ معلوم تھا کہ موت سر پہ منڈلا رہی ہے، کہا "بچہ گود سے رکھ دو۔"

ملکہ نے بچہ زمین پر ڈال دیا۔ وزیرزادہ پلنگ پر لیٹا، اپنی روح بکری کے بچے کے جسم میں لایا۔ وہ کودنے لگا۔ ملکہ نے گود میں لیا، پیار کیا۔ اس نے تو سوچا تھا کہ ذرا سی دیر میں ملکہ کا دل بہل جائے تو پھر اپنے بدن میں لوٹ آؤں گا۔ یہ نہ سمجھا کہ موت گھات میں ہے اور اب قسمت کو کچھ اور ہی منظور ہے۔

شہزادہ جان عالم یہ سب معاملہ پنجرے سے دیکھ سن رہا تھا۔ فوراً اپنی جان اپنے بدن میں لا اٹھ کھڑا ہوا۔ وہ بزدل جان عام کو دیکھ گھبرا گیا کہ قسمت بری ہے۔ کوئی دم میں گلا ہے اور چھری ہے۔ ملکہ نے کوئی منتر پڑھ کر بکری کے بچے پر پھونک دیا کہ وہ اپنی جان دوسرے کے بدن میں لے جانے کو بھول گیا۔

ملکہ نے انجمن آرا کو بلایا اور کہا "لو جی خدا نے ہماری تمہاری آبرو رکھ لی اور بچھڑے سے ملایا۔ یہ تمہارا احمق شہزادہ ہے اور یہ بکری کا بچہ نہیں وزیرزادہ ہے۔" تینوں کی خوشیاں بے حساب تھیں۔ آنکھوں سے مارے خوشی کے آنسو جاری تھے۔ جو سہیلیاں اس راز سے واقف تھیں وہ

مہار کباد کو دوڑیں۔ جان عالم نے سوداگر کو بلا کے ساری بات بتائی اور بہت انعام دیا۔ پھر چڑی مار کو بلا کے مالا مال کیا اور غضنفر شاہ کی اجازت سے اسے چڑی ماروں کا چودھری بنا دیا۔ اب کوچ کی تیاری ہوئی غضنفر شاہ سے اجازت لی اور سفر کا سامان درست کر کے چل نکلے۔

جادوگرنی سے مقابلہ

شہزادہ جان عالم اور اس کا قافلہ سفر کی منزلیں طے کرتا ہوا اسی حوض کے کنارے آ پہنچا جس میں غوطہ کھا کے شہزادہ مصیبت میں پھنسا تھا۔ حوض کے کنارے خیمے لگ گئے۔ شہزادے نے وہ حوض ملکہ مہر نگار اور انجمن آرا کو دکھایا۔

شہزادہ سفر کا تھکا ہوا تھا، سورج ڈوبا تو اس نے نماز پڑھی اور لیٹ گیا، نیند میں تھا کہ انجمن آرا کی ایک خاص کنیز گھبرائی ہوئی دوڑی آئی، بولی "شہزادے کی عمر دراز ہو، شہزادی کی طبیعت ناساز ہے، کلیجے میں درد ہے، وہ نقش سلیمانی اور لوح دیجئے کہ دھو کر پلا دیں۔" یہ خبر سن کر شہزادہ گھبرا گیا۔ ایسے ہوش اڑے کہ بے سوچے سمجھے لوح اور نقش اس کے حوالے کر دیے۔

لوح اور نقش کا دینا تھا کہ نقشہ بگڑ گیا۔ ایسی ہولناک آواز ہوئی کہ سب گھبرا گئے، جو جہاں بیٹھا تھا وہیں بیٹھا رہ گیا۔ غور کیا تو پتہ چلا کہ ہر ایک جان دار، کیا انسان، کیا حیوان سب کا نیچے کا آدھا دھڑ پتھر کا ہو گیا۔ یہ ایسی مصیبت آ پڑی تھی کہ ہر طرف کہرام مچ گیا۔ دیکھتے دیکھتے کالی گھٹا گھر آئی، سب ڈرے سہمے ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ اس ابر میں سے ایک خوں خوار اژدہا نکلا جس کے منہ سے شعلے نکلتے تھے۔ اس اژدہے پر غصے سے بپھری ہوئی ایک عورت سوار تھی، جان

عالم نے پہچانا کہ یہ وہی جادوگرنی ہے۔ یقین ہوگیا کہ اب موت نزدیک آئی۔

جان عالم سے کہا "کہو اب کیا ارادہ ہے؟" اس نے کہا "وہی جو تھا۔" بولی "اب وہ نقش سلیمانی اور لوح کہاں ہے جس کے بھروسے پر کودتے تھے۔ اگر اپنی اور اپنے لشکر کی زندگی چاہتے ہو تو مہرنگار اور انجمن آرا سے رشتہ توڑ دو اور ہمارا حکم مانو ورنہ تم سب کی لاشیں ذرا دیر بعد چیلوں اور کوؤں کو کھلا دوں گی۔"

جان عالم نے جواب دیا "یہ نہیں ہوسکتا، اگر یوں ہی موت آئی تو مر رہیں گے۔" یہ جواب سن کر وہ جل گئی، غصے سے رنگت بدل گئی، کچھ بڑبڑا کر جان عالم پر پھونکا تو آدھا پتھر کا تھا یا حلق تک پتھر کا ہوگیا۔ اس نے اژدہے پر چڑھ کر آواز دی "اے بدنصیب! آج کی اور رات کی مہلت ہے۔ اگر صبح کا حکم نہ مانا تو سارا لشکر برباد کردوں گی۔ ان میں ہر ایک کا خون تیری گردن پر ہوگا۔"

جادوگرنی تو یہ کہہ کر ہوا ہوگئی۔ ملکہ اور انجمن آرا اپنے اپنے خیموں سے گھبرا گھبرا کے پکارتی تھیں۔ جب تک وہ آدھا پتھر کا رہا جواب دیتا رہا۔ اب حلق پتھر کا ہوا تو آواز بھی بند ہوگئی۔ جواب نہ ملا تو دونوں نے سر پیٹ لیا۔ اس طرح چیخ چیخ کر روئیں جیسے کوئی کسی کے مرنے پر روتا ہے، ہر خیمے میں کہرام برپا تھا۔

اتفاق سے ادھر سے ملکہ کے باپ کا ایک شاگرد اڑا جاتا تھا۔ وہ بھی اپنے استاد کی طرح جادو کے فن میں ماہر تھا۔ زمین پر اتر کے دیکھا کہ ایک بھاری لشکر مصیبت میں پھنسا ہوا ہے۔ ہر ایک کا دھڑ آدھا پتھر کا ہے۔ سمجھ گیا کہ یہ سب شہپال کے جادو میں گرفتار ہیں۔ لوگوں سے حال پوچھا، جب پتہ چلا کہ استاد کی بیٹی مصیبت میں مبتلا ہے تو سر پیٹ کے چلا اور خیمے کے دروازے پر آیا۔

شہزادی نے کہا "بھائی اس وقت کیسا پردہ؟ تم آپ اندر آ کے آنکھوں سے ہمارا حال دیکھو۔ اندر آیا تو شہزادی کو بھی اسی حال میں پایا، بہت رویا اور چلایا۔ بولا "مجھ میں اتنی طاقت نہیں کہ شہپال کی برابری کر سکوں۔ آپ کے والد کے بغیر یہ مصیبت ٹلنی مشکل ہے۔ میں جا کے انہیں لاتا ہوں۔ یہ کہہ کے ہوا کی طرح اڑ گیا، اور اس بزرگ کے پاس پہنچ لشکر کی تباہی کا وہ سارا حال جو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اسے بتایا اور کہا کہ "شام تک وہاں نہ پہنچے تو ان آفت کے ماروں پر بڑی مصیبت پڑے گی اور صبح تک کوئی جیتا نہ بچے گا۔"

وہ بزرگ یہ داستان سن کر بڑے پریشان ہوئے۔ فوراً شاہین پر سوار ہو کے اس میدانِ پُرخطر کا رخ کیا۔ شام سے پہلے وہاں آ پہنچے۔ سب کو دلاسہ دیا اور جانِ عالم سے یہ شکایت کی کہ "نادان تو نے کہا نہ مانا، جو کچھ سمجھایا تھا اس کے خلاف کیا۔ تم یہ کرتے تو ہم یادِ خدا چھوڑ کے اپنے باغ سے کیوں نکلتے۔" ملکہ نے عرض کیا "یہ وقت خفا ہونے کا نہیں، اس وقت جو بن پڑے وہ کرو اور ہمیں اس مصیبت سے آزادی دلاؤ۔"

بزرگ نے دور تک ایک گھیرا بنایا یعنی کچھ دعائیں پڑھ کے زمین پر دائرے کی شکل میں ایک لکیر کھینچ دی۔ یہ لکیر کیا تھی ایک مضبوط قلعہ تھا جسے کوئی پار نہ کر سکتا تھا۔ اس دائرے کے اندر جادو کا کوئی اثر نہ ہو سکتا تھا۔ ملکہ کا باپ ساری رات اس کے اندر بیٹھا عبادت کرتا رہا اور خدا سے دعائیں مانگتا رہا کہ جادوگرنی کو اس کے ہاتھوں شکست ہو۔

دن نکلا تو وہ جادوگرنی پھر اسی طرح اژدہے پر سوار آئی۔ پہلے ملکہ کے باپ کے پاس گئی اور اسے برا بھلا کہا کہ "اس بڈھاپے میں تیری کیا شامت آئی ہے کہ ہم سے مقابلہ کرنے چلا ہے۔ اب بھی باز آ جا ورنہ جادو کے زور سے تیرا کام تمام کر دوں گی۔" اس بزرگ نے جواب دیا کہ "میں جیوں اور میرے عزیز، میرے پیارے اس دنیا میں نہ رہیں تو ایسی زندگی سے موت بھلی۔ ہار جیت تو خدا کے ہاتھ ہے۔ آ تو بھی اپنے جی کی حسرت نکال لے۔" جادوگرنی کو یہ جواب سن کر اور بھی غصہ آیا۔ فوراً شیرنی کی صورت بنائی، اس بزرگ نے بھی مدد کے لیے شیرِ خدا کو آواز دی اور شیر کی شکل اختیار کی۔ دونوں طرف سے

حملے ہونے لگے۔ جادوگرنی دبنے لگی تو اس نے عقاب کی شکل بنائی اور اڑنے لگی۔ بزرگ نے بھی خود کو باز بنایا اور اس کا پیچھا کیا۔ ذرا سی دیر میں باز نے عقاب کی گردن دبوچ لی۔ وہ بہت تڑپی مگر اس کے پنجے سے نہ چھوٹ سکی۔ آخر کو مر گئی۔ اس کے مرتے ہی زبردست شور اٹھا، زمین آسمان چکر کھانے لگے، زبردست آندھی آئی اور جادو کا کارخانہ درہم برہم ہو گیا۔

شام کے قریب دھند چھٹ گئی، سب نے ایک دوسرے کو پہچانا۔ لشکر جادو کے پنجے سے چھوٹا۔ سب شکریہ ادا کرنے کو اس بزرگ کی

خدمت میں حاضر ہوئے۔ دیکھا کہ اس گھیرے کے اندر ایک اسی نوے برس کی بوڑھی مری پڑی ہے۔ کمر دوہری ہوگئی ہے، منہ میں ایک دانت نہیں۔ چہرہ الٹے توے کی طرح کالا ہے، سارے بال سفید ہیں، مانگ میں پھر بھی سندور بھرا ہے۔ اہل لشکر نے جادوگرنی کی یہ درگت دیکھی تو خدا کا شکر ادا کیا۔

اس بزرگ نے فرمایا کہ ابھی قصہ تمام نہیں ہوا۔ ایک معرکہ اور باقی ہے۔ جادوگرنی تو مرگئی مگر ابھی اس کا باپ زندہ ہے اور وہ جادوگروں کا بادشاہ ہے۔ شہبال اس کا نام ہے، وہ اپنی بیٹی کا بدلہ لینے آئے گا اور قیامت مچائے گا مگر گھبراؤ مت۔ دشمن طاقت ور ضرور ہے مگر سب سے زیادہ طاقت والا وہ ہے جو ہم سب کا رکھوالا یعنی اللہ تعالیٰ ہے۔

یہ کہہ کر اس بزرگ نے ماش کے دو دانے اس کے دائیں بائیں پھینکے، دو جانور عجیب صورت کے پیدا ہوئے۔ چہرے ہرن کے اور دھڑ مور کا۔ ان کے سینگ یاقوت کے تھے۔ آنکھیں ہیرے کی اور پر زمرد کے۔ اس نے دو ٹھیکریوں پر کچھ لکھ کے ڈالا۔ وہ انہیں اپنی اپنی چونچ میں لے کے اڑ گئے۔

صبح ہوئی تو زور کی آندھی چلی۔ دو طرف سے جادوگروں اور

جادوگرنیوں کے غول اڑتے ہوئے آئے اور میدان میں اپنی صفیں جمالیں۔ جان عالم نے بھی اپنی فوج کی صفیں درست کرلیں۔ بزدلوں کے دل دہلنے لگے، بہادر اپنی تلواریں تولنے اور کسنے لگے۔ انجمن آرا اور مہر نگار نے بھی ایک اونچے ٹیکرے سے خیمہ لگوایا اور اس کو دیکھنے چلنوں کے پیچھے آبیٹھیں۔

اب شہپال جادوگر اس آن بان سے آیا کہ چالیس خونخوار آگ اگلنے والے اژدہے اس کا تخت اٹھائے تھے۔ لولاکھ جادوگر اس کے دائیں بائیں تھے اور پیچھے ایسی زبردست فوج کہ کسی نے روئے زمین پر نہ دیکھی ہوگی۔ شہپال نے پہلے تو بزرگ کے پاس اپنا ایلچی بھیجا اور اسے ہر طرح ڈرایا دھمکایا مگر وہ تو ہمت کا پتلا تھا کسی طرح ہار ماننے کو تیار نہ تھا۔

آخر جنگ شروع ہوئی پہلے دونوں طرف سے جادوگر لڑے۔ دونوں طرف کے جادوگروں نے عجب عجب تماشے دکھائے اور جادو کے گولے اپنے اپنے دشمن کی فوج پر پھینکے، کبھی پتھر برسائے، جادوگری ختم ہوئی تو تیر تلوار گرز اور نیزے کی لڑائی شروع ہوئی۔ دونوں طرف سے تلواروں کی بجلیاں چمکیں، گرز چلے، تیر برسے، ایسی جنگ ہوئی کہ سارا میدان کانپ اٹھا۔ ہر طرف کشتوں کے پشتے لگ گئے، خون کی ندیاں بہہ گئیں۔

اس جنگ میں شہپال کو زبردست ہار ہوئی، اور ملکہ کے باپ نے اس کا سر تن سے الگ کردیا۔ اس کی فوج کے سپاہی جو بچ رہے تھے ان کا جدھر کو منہ اٹھا بھاگ کھڑے ہوئے۔ وہ علاقہ اور اس کا قلعہ جان عالم کے قبضہ میں آیا۔ اسے سب سے زیادہ تلاش اس نقش اور لوح کی تھی جو جادوگرنی نے دھوکے سے اڑالی تھی۔ بڑی تلاش کے بعد وہ دونوں چیزیں ہاتھ آئیں۔

ملکہ کا باپ اب رخصت ہونا چاہتا تھا۔ اس نے روانہ ہونے سے پہلے جان عالم کو بہت سی نصیحتیں کیں اور سارے اونچ نیچ سمجھائے۔ راستے میں جتنے خطرے ہوسکتے تھے ان سب سے آگاہ کیا اور کہا "میرے عزیزا اب کوئی ایسی حرکت نہ کرنا کہ پھر مصیبت کا سامنا کرنا پڑے اور ہمیں باغ چھوڑنا پڑے۔ لو اللہ تمہارا نگہبان اور اس کا رسول تمہارا مددگار ہے۔"

شہزادے کا جہاز تباہ ہونا

ادھر وہ بزرگ اپنے باغ کو روانہ ہوا۔ ادھر جان عالم نے کوچ کیا۔ ایک دن دریا کے کنارے قیام ہوا، شہزادہ دریا کے کنارے کھڑا سیر کرتا تھا۔ سامنے سے ایک بہت بڑا اور شاندار جہاز کنارے کی طرف آتا دکھائی دیا۔ اس نے سمجھا کوئی سوداگر ہے کہ تجارت کا مال لیے پھرتا ہے۔ کنارے پہنچ کے جہاز نے لنگر کیا۔ کئی لوگ جہاز سے اتر کے شہزادے کی خدمت میں حاضر ہوئے بولے "ہم لوگ ملاح ہیں، جو بادشاہ، شہزادہ یا امیر یہاں تشریف لاتا ہے ہم اسے دریا کی سیر کراتے ہیں عجب عجب دریائی جانور دکھاتے ہیں اور جو انعام ہمارے نصیب میں ہوتا ہے پاتے ہیں۔"

یہ سن کر شہزادے کے دل میں سیر کا شوق پیدا ہوا۔ ملکہ کو بھی ساتھ لینا چاہا۔ وہ ڈرتی تھی ایک مصیبت سے چھوٹے ہیں کہیں دوسری مصیبت نہ پڑے۔ اس نے شہزادے کو سمجھایا کہ سیر کا خیال دل سے نکال دے مگر وہ نہ مانا اور اکیلا جانے کو تیار ہوا۔ شہزادیوں نے دیکھا کہ شہزادہ نہیں مانتا تو وہ خود بھی سفر کے لیے تیار ہوگئیں۔ سب جہاز پر سوار ہوگئے۔

تھوڑی دیر تو سیر دلچسپ رہی۔ پھر ایک زبردست طوفان اٹھا۔

جہاز چٹان سے ٹکرا کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا۔ سب ایک دوسرے سے بچھڑ گئے۔ شہزادے کو ہوش آیا کہ ایک تختے پر پڑا ہے اور وہ تختہ کنارے پر آلگا ہے۔ شہزادے میں اٹھنے کی طاقت نہ تھی مگر ہمت کر کے اٹھا اور ایک طرف کو چل دیا۔ ذرا دور ایک بستی تھی۔ وہاں پہنچا۔ لوگوں نے حال پوچھا اور کھانا پانی پیش کیا۔ یہ شہزادیوں کے بچھڑنے سے ملول تھا۔ کھانے کو جی نہ چاہتا تھا مگر لوگوں کے سمجھانے سے دو لقمے لے لیے، پانی پیا، ذرا طبیعت ٹھہری تو شہزادے نے لوگوں کو اپنا حال سنایا۔ سب سن کے افسوس کرنے لگے۔ ایک شخص نے بتایا کہ "یہاں سے دو منزل دور ایک پہاڑ ہے، اس پر ایک جوگی رہتا ہے، جو کوئی اس کے پاس جاتا ہے اپنے دل کی مراد پاتا ہے، آج تک کوئی اس کی کٹیا سے مایوس نہیں پھرا۔" یہ سن کے شہزادے کی جان میں جان آئی۔ اسی وقت چلنے کا ارادہ کیا مگر لوگوں نے روکا کہ ابھی آرام کرنا ضروری ہے۔

اگلی صبح جان عالم اس پہاڑ کا پتہ پوچھ کے روانہ ہوگیا۔ چار دن کا سفر کر کے سنگ سفید کے پہاڑ پر پہنچا۔ کسی طرح اس کی چوٹی پر چڑھا۔ دیکھا کہ ایک جوگی جس کی عمر سوا سو برس سے کم نہیں تھی، جٹائیں اور داڑھی بڑھائے، دھونی رمائے اور بدن پر بھبھوت ملے بیٹھا ہے اور گیان دھیان میں ڈوبا ہے۔ سر پر کھاروے کی جھنڈی اڑ رہی ہے۔ اس پر کلمہ لکھا ہوا ہے۔ ماتھے پر قشقہ لگا ہے مگر پاس تسبیح اور مصلیٰ رکھا ہے۔ شہزادے نے ایسا منتر کبھی نہ دیکھا تھا۔ اس کے سامنے ہاتھ باندھ کے جا بیٹھا۔ جوگی نے آہٹ پائی تو آنکھیں کھول دیں۔

شہزادے نے جھک کر سلام کیا۔ جوگی نے جواب دیا "بھلا ہوا بچہ! بڑی مصیبت اٹھا کے یہاں تک آئے ہو، بیٹھو۔ گرو بھلا کرے، خدا تمہارے دل کی اچھا پوری کرے۔ ہم چلنے کو تیار تھے مگر تمہاری امانت لیے بیٹھے تھے۔ ہمارے گرو نے ایک دن بتایا تھا کہ ایک شہزادے کا جہاز ڈوبے گا، وہ اپنے پیاروں سے بچھڑے گا، پھر وہ تجھے ڈھونڈتا یہاں تک آئے گا، اپنی مراد پائے گا اور اس کے دیکھنے سے تیرا کام پورا ہو جائے گا۔ بھگوان نے جیسے جڑواں بھائیوں کا کام بنایا تھا۔ ایسے ہی تیرا بھی بنائے گا۔"

جان عالم کے دل میں جڑواں بھائیوں کا حال جاننے کی خواہش پیدا ہوئی۔ اس نے جوگی سے پوچھا کہ ان کا کیا قصہ ہے۔

یہ حیرت انگیز کہانی پڑھیے آئندہ ماہ اس سلسلے کی آخری قسط میں

ادارہ

اردو Facebook

انکل! میرا نام ارقم راہی ہے، عمر 11 سال اور میں چوتھی جماعت میں پڑھتا ہوں۔ بچوں کی دنیا روز بروز بہتر ہوتا جارہا ہے۔ میں اسے پچھلے ایک سال سے لگاتار پڑھتا رہا ہوں۔ میرے ابو توقیر عالم راہی کہتے ہیں کہ بیٹا زندگی میں اچھا کردار اور اچھا اخلاق حاصل کرنا چاہتے ہو تو اردو پڑھو۔ میرے ابو خود بھی اردو کے ادارے سے منسلک ہیں اور اردو کی ہی روٹی کھاتے ہیں۔ ہمارے گھر میں اردو کا ماحول ہے۔ میں نے بچوں کی دنیا کے لیے ایک کہانی لکھی ہے۔ آپ اسے شائع کریں گے نا؟

ارقم راہی درجہ چہارم، رحمٰن پبلک اسکول، شاہین باغ، اوکھلا، نئی دہلی

'بچوں کی دنیا' کے لائق ہوئی تو کیوں نہیں چھاپیں گے۔ آپ بھیجیں تو سہی



میں زینب سرور (دختر جناب سرور عالم خاں) آپ کی اور اس رسالے کی فین ہوگئی ہوں۔ اتنا اچھا رسالہ نکالتے ہیں آپ لوگ۔ ہم لوگ خوش قسمت ہیں جو یہ رسالہ ہمارے وقت میں نکل رہا ہے۔ میری ممی کو لکھنے پڑھنے کا بہت شوق ہے انھوں نے ہی مجھے یہ رسالہ دیا ہے، وہ اردو دنیا بہت برسوں سے پڑھتی رہی ہیں، مجھے ٹھیک نہیں لگتا تھا جب وہ مجھے اکیلا چھوڑ کر اردو دنیا پڑھتی رہتی تھیں اب، ہم دونوں ساتھ میں پڑھتے ہیں، وہ اردو دنیا اور میں بچوں کی دنیا۔ جہاں مجھے سمجھ نہیں آتا تو میں ان سے پوچھ بھی لیتی ہوں۔ میں بہت اچھی ڈرائنگ بناتی ہوں۔ کیا آپ میری ڈرائنگ چھاپیں گے؟

ہولی پبلک اسکول، ڈوبھی بھدریہ، گیا، بہار

اچھی ڈرائنگ بناتی ہیں تو فوراً بھیجیں

میرا نام اقرا ہے، میں چھٹی جماعت میں پڑھتی ہوں اور اردو لکھنا پڑھنا بھی مجھے آتا ہے۔ 'بچوں کی دنیا' کے کئی شمارے میں نے پڑھے ہیں اور اس میں تصویریں بہت اچھی چھپتی ہیں۔ جو بھائی بہن 'بچوں کی دنیا' پڑھتے ہیں ان سے میری گزارش ہے کہ وہ خود بھی اردو کو اپنائیں اور دوسروں سے اردو اپنانے کی اپیل کریں کیونکہ یہ ہمارے ملک کی سب سے میٹھی زبان ہے اور ہم سب کی پہچان اس سے ہوتی ہے۔

اقرا، معرفت فیضان میڈیکل اسٹور، شاہ بہلول، سہارنپور، اتر پردیش

مدیر انکل۔ میں زینب کی چھوٹی بہن رقیہ ہوں اور میری عمر ابھی صرف 4 سال ہے۔ بچوں کی دنیا بہت اچھا رسالہ ہے۔ مجھے بہت پسند ہے۔ میں

ابھی ٹھیک سے تو پڑھ نہیں پاتی ہوں لیکن مجھے اس میں بھالو اور بندر کی تصویر بہت اچھی لگتی ہے۔ آپ پلیز اس میں پریوں والی کہانی بھی دیا کریں۔ دادی کے قصے بھی نہیں دے رہے ہیں۔ مجھے بہت انتظار ہے کہ آپ کب میری فوٹو چھاپتے ہیں۔

ہولی پبلک اسکول، ڈوبھی بھدریہ، گیا، بہار

السلام علیکم انکل! میرا نام عبدالمقسط ہے ابھی میں نرسری کلاس میں

پڑھتا ہوں اور ابھی مجھے پڑھنا بھی نہیں آتا مگر میری امی، دادی اور پھوپھی مجھے بچوں کی دنیا پڑھ کر سناتی ہیں اور میں نے اس میں سے کئی نظمیں یاد کرلی ہیں۔ اتنی اچھی کتاب چھاپنے کے لیے بہت بہت شکریہ۔

عبدالمقسط نزد جامع مسجد، دہلی۔ 110006

Back Inner Cover

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی چند مطبوعات

کلیات ملا رموزی (جلد اوّل حصہ اوّل)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 453
قیمت: -/151 روپے

کلیات ملا رموزی (جلد اوّل حصہ دوم)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 454 تا 886
قیمت: -/140 روپے

کلیات ملا رموزی (جلد دوم)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 750
قیمت: -/243 روپے

کلیات ملا رموزی (جلد سوم)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 710
قیمت: -/235 روپے

کلیات ملا رموزی (جلد چہارم)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 875
قیمت: -/279 روپے

کلیات ملا رموزی (جلد پنجم)
مرتب: خالد محمود
صفحات: 428
قیمت: -/156 روپے

مقالات مسعود
مصنف: مسعود حسین خان
صفحات: 230
قیمت: -/106 روپے

علامہ فضل حق خیر آبادی: چند عنوانات
مصنف: خوشتر نورانی
صفحات: 248
قیمت: -/91 روپے

تحقیق و تعارف
مصنف: حنیف نقوی
صفحات: 268
قیمت: -/99 روپے

پیروڈی: نقد و انتخاب (جلد اوّل)
مرتبہ: امتیاز وحید
صفحات: 354
قیمت: -/118 روپے

پیروڈی: نقد و انتخاب (جلد دوم)
مرتبہ: امتیاز وحید
صفحات: 388
قیمت: -/133 روپے

ہندوستانی تہذیب
مصنف: ان کول
صفحات: 399
قیمت: -/131 روپے

تعلیمی رہنمائی اور صلاح کاری
مصنف: عبدالحق مدہوش
صفحات: 192
قیمت: -/67 روپے

جدید دنیا میں تعلیم
مصنف: نیاز احمد اعظمی
صفحات: 179
قیمت: -/73 روپے

تعلیمی نفسیات
مصنف: ظلعت عزیز
صفحات: 242
قیمت: -/96 روپے

پودے حفاظتی آفات کی مرمت اور دیکھ بھال
مترجم: سید ظفر الاسلام
صفحات: 78
قیمت: -/64 روپے

پیڑ کے کیڑے
مصنف: محمد رفیق اے ایس
صفحات: 79
قیمت: -/40 روپے

حسن نعیم اور نئی غزل
مصنف: اجمل کمال
صفحات: 284
قیمت: -/104 روپے

شعبۂ فروخت: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ویسٹ بلاک 8، ونگ 7، آر کے پورم، نئی دہلی-110066
فون: 011-26109746، فیکس: 011-26108159
E-mail.:ncpulsaleunit@gmail.com, sales@ncpul.in

Front Inner Cover

قومی اردو کونسل کی فخریہ پیش کش

ماہنامہ اردو دنیا

تمام تر رنگین صفحات اور دیدہ زیب تصاویر سے مزین ماہانہ عالمی جریدہ جسے آپ پوری دنیا میں اردو زبان کے کسی بھی ماہنامے سے بہتر پائیں گے۔ اردو کو آج کی دنیا سے جوڑنے والا اور عام اردو قاری و ادبی حلقوں کی دلچسپی کے ساتھ طلبا و اساتذہ کی ضرورتوں کا بھی خیال رکھنے والا اردو کا ماہنامہ

ہر شمارے میں پڑھئے، اردو کے ادبی شاہکاروں کے علاوہ، علمی مضامین، ادبی انٹرویو، تاریخ، سائنس، صحافت، نئی کتابوں پر تبصرے، قومی اردو کونسل کی سرگرمیوں، سیمیناروں اور فروغ اردو سے متعلق نئی کاوشوں کا احوال اور بہت کچھ!

فی شمارہ: 15 روپے، سالانہ: 150 روپے

اردو زبان میں علم و آگہی کا معتبر ادبی جریدہ

سہ ماہی فکر و تحقیق

قومی اردو کونسل کی منفرد پیشکش

اردو زبان و ادب سے متعلق اہم تنقیدی و تحقیقی موضوعات پر فکر انگیز اور تلاش و جستجو کو صحیح سمت دینے والے مواد کے ساتھ ہر تین ماہ بعد منظر عام پر آنے والا نہایت سنجیدہ علمی مجلہ خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی پڑھنے کا مشورہ دیں!

ہندوستانی خریداروں کے لیے سالانہ قیمت: 100 روپے، فی شمارہ: 25 روپے

(قومی اردو کونسل کی ویب سائٹ http://www.urducouncil.nic.in پر بھی دستیاب)

آج ہی اپنے نزدیکی بک اسٹال سے طلب کیجیے یا ہمیں لکھیے

شعبۂ فروخت: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ویسٹ بلاک 8، ونگ 7، آر کے پورم، نئی دہلی 110066، فون: 26109746، فیکس: 26108159
E-mail.:ncpulsaleunit@gmail.com, sales@ncpul.in